www.wilayattimes.com

بے زبانوں کی آواز اور مستضعفوں کا ترجمان

ہفت روزہ

WILAYAT TIMES

ولایت ٹائمز

سرینگر

اشاعت کا گیارواں سال

جلد:۱۱ ☆شمارہ نمبر:۲۶ ☆تاریخ:۸ جولائی تا ۱۴ جولائی ۲۰۲۵ بمطابق ۱۲ محرم الحرام تا ۱۸ محرم الحرام ۱۴۴۷ھ ☆صفحات:۴۰

بہرِ حق در خاک و خون گردیدہ است — بس بناءِ لا الٰہ گردیدہ است

امام حسین علیہ السلام حق کی خاطر خاک و خون میں لوٹے؛ اس لیے وہ لا الٰہ کی بنیاد بن گئے۔ علامہ اقبالؒ کی شاعری میں امام حسینؑ اور کربلا ظلم و ستم کے خلاف استقامت اور اسلام کے حقیقی رہبر کی نشاندہی کا ایک استعارہ ہے۔ کربلا فقط ایک تاریخی واقعہ نہیں بلکہ امام حسینؑ کا قیام اور ان کی لازوال قربانی نے اسلام اور انسانیت کو بقا اور حیات بخشی۔

عاشورا کا پیغام:
انصاف، آزادی اور انسانی عظمت کی راہ

نئی دہلی/ولی فقیہ اور انقلاب اسلامی ایران کے رہبر اعلیٰ حضرت آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای (مدظلہ العالیہ) کے ہندوستان کیلئے خصوصی نمائندہ آیت اللہ حاج عبدالمجید حکیم الٰہی کا محرم الحرام کے سلسلے میں خصوصی شمارہ کیلئے پیغام کا اردو ترجمہ ولایت ٹائمز کے قارئین کی خدمت میں پیش ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال الإمام الحسین علیہ السلام: "إن لم یکن دین فکونوا أحرارا في دنیاکم"

ترجمہ: اگر تمہارا کوئی دین نہیں تو کم از کم اپنی دنیا میں آزاد انسان بن کر جیو!

ماہِ محرم، گریہ زاری و آگاہی کا مہینہ ہے، انسانی ضمیر کی بیداری اور حسینیؑ آفاقی اقدار سے تجدیدِ عہد کا مہینہ ہے۔ عاشورا صرف ایک تاریخی واقعہ نہیں، بلکہ ایک زندہ حقیقت ہے جو ہر دور میں انسانی ضمیر کو جگاتی رہی ہے۔ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جو بشریت کو آزادی، عزت اور استقامت کا درس دیتی ہے۔

کربلا کی جنگ حق و باطل کے درمیان معرکہ تھا؛ جہاں مظلومیت نے انسانی عظمت کا سب سے درخشندہ منظر پیش کیا۔ ایثار، آزادی، استقامت اور ذمہ داری و فرض شناس جیسے اوصاف نہ صرف تاریخ کے اوراق پر بلکہ دنیا کے تمام آزاد پسند انسانوں کے دلوں میں نقش و ثابت ہو گئے۔

عاشورا کا پیغام ظلم اور ناانصافی کے خلاف قیام کا حیات بخش پیغام ہے؛ یہ ایک عالمی پیغام ہے ان سب انسانوں کے لیے جو انصاف، آزادی اور انسانی عظمت کے متلاشی ہیں۔ امام حسینؑ نے اپنے قیام کے ذریعے انسانیت کو یہ سبق سکھایا کہ انحراف، فساد اور استبداد کے خلاف خاموشی اختیار کرنا گناہ اور ہے جبکہ باعزت انسانی زندگی کا قیام حریت ہونے پر ہی استوار ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام سید علی خامنہ ای (مدظلہ العالی) بجا طور پر فرماتے ہیں:

"عاشورا کی تحریک ہر دور اور ہر نسل کے لیے ایک مکتب اور درسگاہ کی حیثیت رکھتا ہے۔"

نمائندہ ولی فقیہ ہند آیت اللہ حکیم الٰہی

اس مناسبت سے اور ایامِ عزائے سید الشہداءؑ کی آمد پر "ولایت ٹائمز" کے معزز محققین اور دانشوروں کی خدمت میں عاشورائی ثقافت کی ترویج کے لیے چند نکات پیش خدمت ہیں:

- ☑ ہندوستان میں موجود باصلاحیت اور معزز علماء، محققین اور دانشوروں پر ایک اہم ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ عاشورا کے عالمی پیغام کو بہتر اور حقیقی شکل میں بیان کریں خصوصاً ایسے معاشرے میں جہاں عشقِ حسینؑ مذہبی سرحدوں سے ماورا ہو چکا ہے۔ یہ ذمہ داری پہلے سے زیادہ سنگین اور کافی مہم ہے۔

- ☑ علاقائی زبانوں جیسے اردو، عربی، انگریزی اور ہندی میں عاشورا کے پیغام کو علمی، منطقی اور صحیح انداز میں پیش کرنا ضروری ہے تاکہ بین الثقافتی اور بین المذاہب گفتگو کو فروغ دیا جا سکے اور عدل، ایثار اور کرامت انسانی جیسے مشترکہ انسانی اقدار کی بہتر تفہیم حاصل کی جا سکے۔

- ☑ شیعہ اور برصغیر کے مسلم معاشرے کی شناخت سازی میں واقعۂ عاشورا کے کردار پر کی گئی میدانی و علمی تحقیق، ثقافت، آزادگی و ایثار کے تحفظ و ارتقاء کی جانب اسٹریٹجک (حکمت علمی) ایک عملی قدم ہے۔

- ☑ حسینی تعلیمات کی روشنی میں سماجی عدل وانصاف، سیاسی اقدار اور وحدتِ امت جیسے موضوعات کی تجدیدِ فہم کے لیے حوزاتِ علمیہ، یونیورسٹیوں اور تحقیقی مراکز کے مابین علمی تعاون کا فروغ ایک ناگزیر تقاضا ہے۔

- ☑ نئی نسل کے ایسے متعہد اور تخلیقی مفکرین کی تربیت سازی جو عاشورا کے پیغام کو عصرِ حاضر کے تقاضوں اور مختلف زبانوں میں بیان کر کے اسے آئندہ نسلوں تک منتقل کر سکیں، عصر حاضر کے اخلاقی و انسانی بحرانوں کے دور میں اہم ترین ثقافتی ذمہ داریوں میں شمار ہوتی ہے۔

آج کی دنیا جہاں تعصّب، انسانی وقار کی پامالی، جنگ، فتنہ و فساد اور اخلاقی انحطاط کا شکار ہے، وہاں پیغامِ عاشورا ایک عالم گیر صدائے بیداری کے بطور انسان کو حق کی تلاش، انصاف کی جستجو، حفظ حریت اور انسانی سعادت کی بازیافت کی طرف دعوت دیتی ہے۔

واقعۂ عاشورا ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ ظلم کے خلاف بیداری، شعور اور استقامت ہی انسان کو عزت و کامیابی کی منزل تک پہنچاتی ہے۔

میں 'ولایت ٹائمز' کے معزز ادارے، بالخصوص اس کے فاضل محققین اور قابلِ قدر مصنّفین کی علمی، ثقافتی اور میڈیا خدمات پر دلی تحسین پیش کرتا ہوں۔ میری دعا اور امید ہے کہ یہ باوقار ادارہ آئندہ بھی ثقافت عاشورا کی تبیین، معارفِ اہل بیت علیہم السلام کے فروغ اور اسلامی بیداری و دینی عقلانیت کی اشاعت کے میدان میں مؤثر، متحرک اور باعثِ الہام بنا رہے۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عاشورا: ایک ابدی مشعل راہ

• جب تعلیمات محمدیؐ اور راہ حسینیؑ چھوٹے، ذلت مقدر بنتی ہے
• شعور اور بیداری کی راہ میں ولایت ٹائمز کی نمایاں کوشش

میرواعظ کشمیر مولوی محمد ڈاکٹر عمر فاروق

یہ انتہائی مسرت کی بات ہے کہ "ولایت ٹائمز" اپنی سابقہ روشن روایت کو برقرار رکھتے ہوئے امسال بھی نہ صرف تاریخ اسلام بلکہ تاریخ انسانیت کے انتہائی المناک اور خونین سانحہ واقعہ کربلا کے متعلق سے ایک خصوصی شمارہ شائع کر رہا ہے۔ دراصل سانحہ کربلا اپنے اندر ایک ایسا انقلاب آفرین اور حیات انگیز پیغام رکھتا ہے جو ہر دور کے لوگوں کیلئے مشعل راہ ہے۔

حضرت امام عالی مقام سیدنا حسینؓ اور آپ کے جانثار رفقائے کرام نے ۶۱ ہجری میں میدان کرب و بلا میں یزید کے ظلم و جبر، مطلق العنانیت اور بے راہ روی کیخلاف جو بے مثال قربانی پیش کی حقیقت یہ ہے کہ اس سے اسلام کے آفاقی، انسانی اور عالمی قدروں کو حیات جاودانی ملی۔

نواسہ رسول مقبول پیغمبر آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بے سرو سامانی کے عالم میں اسلامی تعلیمات کو مد نظر رکھ کر طاغوت اور آمریت کو للکارنے کی کوشش کی تھی اور بلاشبہ وہ اس میں کامیاب رہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ عصر حاضر میں مسلم امہ اور عالم اسلام کو جن مصائب، مشکلات اور چلینجز کا سامنا ہے اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ آج بھی دنیا کے مختلف خطوں خاص طور پر غزہ اور دیگر علاقوں میں بے گناہوں اور مظلوموں کا خون بڑی بے دردی سے بہایا جارہا ہے لیکن افسوس کا مقام ہے کہ مسلمان اور خاص طور پر مسلم قیادت اس غیر انسانی حرکات کے مکمل انسداد سے غافل نظر آرہی ہے اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے نواسہ حضرت امام حسین کی طاغوتی قوتوں کیخلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح ڈٹ جانے کی تعلیمات کو فراموش کر دیا ہے جس کی وجہ سے ذلت اور ادبار جیسے ہمارا مقدر بن چکا ہے۔

میں سمجھتا ہوں اور میرا یہ کامل یقین ہے کہ اگر آج بھی مسلم امہ اپنی شانہ رفتہ کو بحال کرنے کی خواہشمند ہے تو دین اسلام کی آفاقی تعلیمات کو اپنائے بغیر کوئی چارہ کار نہیں ہے۔

میری دعا ہے کہ نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے اللہ تبارک و تعالی اس امت کی زبوحالی پر رحم فرمائے اور ولایت ٹائمز نے محرم الحرام کے سلسلے میں خصوصی محرم نمبر ۱۴۴۷ھ شائع کرنے کا عزم کیا ہے اس کے ذریعہ اور اس میں شامل مضامین، مقالات اور پیغامات کے توسط سے خوابیدہ ذہنوں کو بیدار کرنے کا ایک موثر ذریعہ ثابت ہوسکے۔ آمین

ولایت ٹائمز کے عملے اور جملہ اراکین کو دلی تہنیت اور مبارکباد۔ والسلام

نیک خواہشات کے ساتھ

محمد عمر فاروق

میرواعظ کشمیر و صدر متحدہ مجلس علماء جموں و کشمیر

نہضت عاشورا: آئینہ عدل، تقویٰ اور شہادت

اے دنیائے اسلام کے بیدار ذہنو! اے دلوں میں نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رکھنے والو!

حجۃ الاسلام والمسلمین آغا سید حسن موسوی صفوی

کربلا تاریخ کی کوئی گزری ہوئی ساعت نہیں، بلکہ ازل سے ابد تک پھیلا ہوا وہ ابدی لمحہ ہے، جو ہر باطل کے ایوان کو ہلا کر رکھ دیتا ہے، اور ہر صاحبِ ضمیر کو چھیلناڑ کر اٹھاتا ہے۔ کربلا فقط ریت پر بہا ہوا خون نہیں، بلکہ وہ جمالیاتی و معنوی فریاد ہے جو صداقت کو قالبِ جاں عطا کرتی ہے، اور انسان کو اس کے حقیقی مقامِ عبدیت کا شعور بخشتی ہے۔

حضرت سید الشہداء امام حسین بن علی علیہ آلاف التحیۃ والثناء نے ظلم کے خلاف جو قیام کیا، وہ محض ایک سیاسی احتجاج نہ تھا بلکہ وہ توحیدِ ناب کی سب سے بلند تمثیل تھی۔ اُنھوں نے دنیا کو دکھا دیا کہ عدل وہ صفتِ خداوندی ہے جس کے لیے جان دینا زندگی سے بہتر ہے، اور سر کٹانا، سر جھکانے سے برتر ہے۔

امام حسینؑ نے کربلا کے تپتے ہوئے افق پر جو شمع روشن کی، وہ فقط ظالم وقت کے خلاف ایک مشعل نہ تھی، بلکہ انسان کی فطرتِ ناطقہ کو جگا دینے والی صدائے ازلی تھی۔

ایسی صدا جو بتاتی ہے کہ عدل فقط قانون سے نہیں، بلکہ قربانی، بصیرت، صبر اور صداقت سے جنم لیتا ہے۔

حسینؑ کا قیام ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ عدل ایک فطری مطالبہ نہیں، ایک مقدس فریضہ ہے۔ یہ فریضہ فقط قلم سے نہیں، خنجر کی دھار، پیاس کی شدت، اور معصوم بچوں کی قربانی سے مکمل ہوتا ہے۔

اے اہلِ ایمان!

آج جب دنیا کی فضا ظلم کی صداؤں سے گونج رہی ہے اور ہر یزیدی فکر نئے چہروں میں ڈھل کر ابھرتی ہے تو ہمیں دوبارہ حسینؑ بننے کی ضرورت ہے۔ فکر میں، فہم میں، اور فریاد میں۔

کربلا ہمیں دعوت دیتی ہے کہ ہم اپنے وجود کو ایک ایسا آئینہ بنائیں جس میں عدل کی چمک ہو، تقویٰ کی خوشبو ہو، اور شہادت کا رنگ ہو۔

ہمیں وہ امت بننا ہو گا جو فقط محرّم میں آنسو نہ بہائے، بلکہ ہر لمحے میں اپنے وجود سے ظالم پر حجت قائم کرے۔ اسی میں ہماری نجات ہے اور یہی نواسی رسول (ص) امام حسینؑ کا پیغام ہے۔

والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

صدر انجمن شرعی شیعیان جموں و کشمیر، دار المصطفیٰ شریعت آباد بڈگام

حضرت عباسؑ کی زندگی اور کربلا کے قیام میں اُن کا کردار

آیت اللہ علیرضا اعرافی

اسلامی جمہوریہ ایران کے تمام حوزات علمیہ کے سربراہ، مجلس خبرگان رہبری کے نائب رئیس اور شہر مقدس قم کے امام جمعہ آیت اللہ علیرضا اعرافی کے محرم خصوصی شمارہ کے حوالے پیغام کا اردو ترجمہ ولایت ٹائمز کے قارئین کی خدمت میں پیش ہے:

حضرت ابوالفضل العباسؑ میدان کربلامیں امام حسینؑ کے علمدار اور سپاہ کے ستون تھے، اسی لیے اُن کی زندگی اور کردار کا مطالعہ ایک خاص اہمیت کا حامل ہے۔

ا. حضرت عباسؑ کی ولادت اور ابتدائی زندگی

مختلف اقوال کی بنا پر حضرت عباسؑ کی ولادت ۴ شعبان کو سن ۲۴ سے ۲۶ ہجری کے درمیان ہوئی۔ تاہم سن ۲۶ ہجری کا قول زیادہ معتبر سمجھا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے واقعہ کربلا کے وقت حضرت عباسؑ کی عمر تقریباً ۳۵ سال تھی۔

نام «عباس» کے معنی کے بارے میں مختلف اقوال موجود ہیں۔ بعض کے مطابق «عباس» جنگل کے شیر کے معنی میں آتا ہے، اسی لیے حضرتؑ کو «شیر غصبناکؑ» کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ لغت کی مشہور کتاب «منتہی الأرب» کے مؤلف کے مطابق، «عباس» صیغہ مبالغہ ہے اور یہ نام ان کی بے مثال شجاعت اور ہیبت کا آئینہ دار ہے۔

۲. حضرت عباسؑ کی نمایاں خصوصیات

حضرت عباسؑ کے چند مشہور القاب «ابوالفضل»، «ابوالقربہ» اور «قمر بنی ہاشم» ہیں۔ ان کی شخصیت بے شمار ممتاز اوصاف کی حامل تھی، جن میں سے چند کا ذکر ذیل میں کیا جارہا ہے:

الف) حضرت عباسؑ کے ظاہری اوصاف

حضرت عباسؑ غیر معمولی حسن و جمال کے حامل تھے، اسی لیے انہیں «قمر بنی ہاشم» (بنی ہاشم کا چاند) کہا جاتا ہے۔ مشہور مؤرخ ابوالفرج اصفہانی نے کتاب «مقاتل الطالبیین» میں لکھا ہے: «عباس بن علی ایک نہایت خوبصورت اور حسین و جمیل انسان تھے... لوگ انہیں 'قمر بنی ہاشم' کہتے تھے، اور وہ روز عاشورا امام حسینؑ کے لشکر کے علمبردار تھے۔»[1]

ب) حضرت عباسؑ کا درجہ ایمان اور جہاد

حضرت عباسؑ کی شخصیت کو بہتر جاننے کے لیے معصومینؑ کے فرامین سب سے بہتر ذریعہ ہیں۔ امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں:

رَحِمَ اللہ عَمِی الْعَبَّاسَ فَلَقَدْ آثَرَ وأَبْلی وفَدی أَخاهُ بِنَفْسِهِ حَتَّی قُطِعَتْ یداهُ فَأَبْدَلَهُ اللہ عَزَّوَجَلَّ مِنْهُما جناحَین یطیرُ بِهِما مَعَ الْمَلائِکةِ فی الْجَنَّةِ کما جُعِلَ لِجَعْفَرِ بْنِ ابی‌طالب (ع)؛ وَإنّ لِلْعَبّاسِ عِنْدَ اللہِ تَبارَک وَتَعالی مَنْزِلَةٌ یغبِطَهُ بِها جَمیعَ الشُّهدَاءِ یوْمَ القِیامَةِ[2]

«خدا میرے چچا عباسؑ پر رحمت فرمائے، انہوں نے ایثار کا مظاہرہ کیا، آزمائشوں میں کامیاب ہوئے اور اپنے بھائی پر اپنی جان قربان کر دی، یہاں تک کہ اُن کے دونوں بازو قلم کر دیے گئے؛ تو خداوند متعال نے اُنہیں اُن ہاتھوں کے بدلے میں دو پروں سے نوازا جن کے ذریعے وہ جنت میں فرشتوں کے ساتھ پرواز کرتے ہیں، جیسے جعفر طیارؑ کو دو پر عطا کیے گئے تھے۔ عباسؑ کے لیے اللہ کے نزدیک ایسی بلند منزلت ہے کہ تمام شہداء قیامت کے دن اُن پر رشک کریں گے۔»

۱. ابوالفرج اصفہانی، ترجمہ مقاتل الطالبین، ص ۸۲.
۲. محمد باقر مجلسی، بحارالانوار، ج ۴۴، ص ۲۹۸.

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں:

کان عمّنا العباس بن علی، نافذ البصیرۃ صلب الایمان، جاہد مع ابی عبد اللہ وابلی بلاء احسنا و مضی شہیدا۔[۳] «ہمارے چچا عباس بن علیؑ، گہری بصیرت، پختہ ایمان، اور عظیم بینش کے مالک تھے۔ انہوں نے امام حسینؑ کے ہمراہ جہاد کیا، بہترین ایثار کا مظاہرہ کیا اور شہادت پا کر امر ہو گئے۔»

ج) حضرت عباسؑ کا مقام اہل بیتؑ کی نظر میں

امام زمانہؑ «زیارت ناحیہ مقدسہ» میں حضرت عباسؑ کو یوں سلام پیش فرماتے ہیں:

السَّلَامُ عَلَى أَبِي الْفَضْلِ الْعَبَّاسِ بْنِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ الْمُوَاسِي أَخَاهُ بِنَفْسِهِ الْآخِذِ لِغَدِهِ مِنْ أَمْسِهِ الْفَادِي لَهُ الْوَاقِي السَّاعِي إِلَيْهِ بِمَائِهِ الْمَقْطُوعَةِ يَدَاهُ ۔

«سلام ہو ابوالفضل العباسؑ پر، جو امیرالمؤمنینؑ کے فرزند اور اپنے بھائی (حسینؑ) کے سچے معاون تھے، جنہوں نے اپنی جان سے وفاداری کا حق ادا کیا، اپنے کل کو اپنے آج سے سنوارا، خود کو قربان کیا، ان کے لیے ڈھال بنے، اور جب اُن کے ہاتھ قلم ہو گئے تب بھی پانی لانے کی سعی میں کوشاں رہے۔»

کتاب «معالی السبطین» میں مذکور ہے کہ عرب کے مشہور مرثیہ گو، شیخ محمد رضا ازری، جب حضرت عباسؑ کی شہادت کے حوالے سے امام حسینؑ کی زبان سے ایک مرثیہ لکھنا چاہتے تھے تو انہوں نے پہلا مصرع لکھا:

«یوم ابوالفضل استجار بہ الہدی»

(روز عاشورا وہ دن تھا جب امامِ ہدایت نے حضرت ابوالفضلؑ کی پناہ لی)

پھر وہ رُک گئے کہ شاید یہ جملہ مناسب نہ ہو۔ اُسی رات اُنہیں خواب میں امام حسینؑ کی زیارت ہوئی۔ امامؑ نے فرمایا:

«جو کچھ تم نے کہا، وہ درست ہے۔»

پھر دوسرا مصرع بھی خود فرمایا:

«والشمس من کدر العجاج لثامہا»

(اُس دن گرد و غبار کی شدت سے سورج نے بھی نقاب اوڑھ لیا تھا)

۳. حضرت عباس علیہ السلام کے عظیم کارنامہ اور خطبات

حضرت عباس علیہ السلام امام حسین علیہ السلام کے علمبردار اور لشکر کے ستون تھے، اور یہی وجہ تھی کہ یزیدی لشکر نے آپ کو امام کے ساتھیوں سے الگ کرنے کے لیے تدبیریں سوچیں۔ مثال کے طور پر، شمر بن ذی الجوشن ضبابی نے ابن زیاد سے حضرت عباس علیہ السلام اور اُن کے بھائیوں کے لیے امان نامہ حاصل کیا اور انہیں امام حسین علیہ السلام کا ساتھ چھوڑنے کی دعوت دی۔

لیکن حضرت عباس علیہ السلام اپنے امام کے اتنے مطیع تھے کہ شب عاشور بھی امام کی اجازت کے بغیر دشمن کو کوئی جواب نہ دیا۔

جب ابن زیاد کی طرف سے جنگ کا حکم آیا اور شمر نے آواز دی:

أَيْنَ بَنُو أُخْتِي عَبْدُ اللهِ وَ جَعْفَرُ وَ الْعَبَّاسُ وَ عُثْمَانُ۔

«کہاں ہیں میرے بھانجے؟ عبد اللہ، جعفر، عباس اور عثمان؟»

تو حضرت عباس علیہ السلام خاموش رہے یہاں تک کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا:

أَجِيبُوهُ وَ إِنْ كَانَ فَاسِقاً فَإِنَّهُ بَعْضُ أَخْوَالِكُمْ

«اسے جواب دو، اگرچہ وہ فاسق ہی کیوں نہ ہو، آخر تمہارا خالہ زادہ ہے۔»

امام کی اجازت کے بعد، حضرت عباس علیہ السلام شمر سے مخاطب ہوئے اور مقصد پوچھا۔ شمر نے کہا:

يَا بَنِي أُخْتِي أَنْتُمْ آمِنُونَ فَلَا تَقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ مَعَ أَخِيكُمُ الْحُسَيْنِ (ع) وَ الْزَمُوا طَاعَةَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ يَزِيدَ

«اے میرے بھانجے! تم امان میں ہو، اپنے آپ کو حسین کے ساتھ ہلاک نہ کرو، اور یزید کی اطاعت قبول کر لو۔»

حضرت عباس علیہ السلام نے جواب دیا:

تَبَّتْ يَدَاكَ وَ لُعِنَ مَا جِئْتَ بِهِ مِنْ أَمَانِكَ يَا عَدُوَّ اللهِ أَتَأْمُرُنَا أَنْ نَتْرُكَ أَخَانَا وَ سَيِّدَنَا الْحُسَيْنَ بْنَ فَاطِمَةَ (ع) وَ نَدْخُلَ فِي طَاعَةِ اللُّعَنَاءِ وَ أَوْلَادِ اللُّعَنَاءِ

«تیرے ہاتھ ٹوٹیں و گر جائیں، تم اور تیرے امان نامہ پر لعنت اے دشمنِ خدا! کیا تو چاہتا ہے ہم اپنے بھائی اور سردار، فاطمہ زہرا علیہا السلام کے لختِ جگر حسین علیہ السلام کو چھوڑ کر لعنتی یزیدیوں کی اطاعت کریں؟!»

شمر اس جواب پر سخت غصے میں آ کر واپس چلا گیا۔

حضرت عباس علیہ السلام کا وفاداری کا اظہار

شب عاشورا، امام حسین علیہ السلام نے اپنے اصحاب کو جمع کیا اور فرمایا:

أَلَا وَ إِنِّي لَأَظُنُّ يَوْماً لَنَا مِنْ هَؤُلَاءِ أَلَا وَ إِنِّي قَدْ أَذِنْتُ لَكُمْ فَانْطَلِقُوا جَمِيعاً فِي حِلٍّ لَيْسَ عَلَيْكُمْ حَرَجٌ مِنِّي وَ لَا ذِمَامٌ هَذَا اللَّيْلُ قَدْ غَشِيَكُمْ فَاتَّخِذُوهُ جَمَلًا

«یقیناً مجھے ان لوگوں سے کل سخت دن کی توقع ہے۔ تم سب آزاد ہو، میرے عہد سے بری الذمہ ہو۔ رات کا اندھیرا ہے، اس سے فائدہ اٹھا کر چلے جاؤ۔»

اس پر سب سے پہلے حضرت عباس علیہ السلام نے وفاداری کا اعلان کیا اور فرمایا:

لِمَ نَفْعَلُ ذَلِكَ لِنَبْقَى بَعْدَكَ لَا أَرَانَا اللهُ ذَلِكَ أَبَداً

«ہم ایسا کیوں کریں؟ تاکہ آپ کے بعد زندہ رہیں؟! خدا کبھی ہمیں ایسا دن نہ دکھائے!»

یہ بصیرت، آگاہی اور امام وقت کی مکمل شناخت کا عملی اظہار تھا۔

حضرت عباس علیہ السلام کی شہادت

عصر عاشورا، جب تمام اصحاب شہید ہو چکے تھے، حضرت عباس علیہ السلام امام حسین علیہ السلام کی تنہائی برداشت نہ کر سکے۔ عرض کیا:

«بھائی جان! اجازت دیں میدان میں جا کر قربانی دوں۔»

امام حسین علیہ السلام رو پڑے اور فرمایا:

«بھائی! تم تو میرے علمبردار ہو۔»

حضرت عباس نے عرض کیا:

فِدَاکَ رُوحُ أَخِيکَ يَا سَيِّدِی! قَدْ ضَاقَ صَدْرِی مِنْ حَيَاةِ الدُّنْيَا، وَ أُرِيدُ أَخْذَ الثَّارِ مِنْ هَؤُلَاءِ الْمُنَافِقِينَ

«میری جان آپ پر قربان اے میرے بھائی! دنیا کی زندگی سے میرا دل بھر چکا ہے، ان منافقوں سے انتقام لینا چاہتا ہوں۔»

امام نے فرمایا:

إِذَا غَدَوْتَ إِلَى الْجِهَادِ فَاطْلُبْ لِهَؤُلَاءِ الْأَطْفَالِ قَلِيلًا مِنَ الْمَاءِ

«اگر میدان میں جانا چاہتے ہو، تو پہلے ان بچوں کے لیے کچھ پانی کا انتظام کرو۔»

قمر بنی ہاشم نے مشکیزہ لیا اور دشمنوں سے پانی مانگا، لیکن انکار کے بعد واپس امام کے پاس آ کر صورت حال بتائی۔ بچوں کی «العطش» کی صدائیں سن کر عباس پھر سے شریعہ فرات کی طرف لپکے۔ دشمنوں پر حملہ کرتے ہوئے یہ اشعار کہے:

لا أرہب الموت إذا الموت رقا
حتی اواری فی المصالیب لقا
نفسی لنفس المصطفیٰ الطہر وفا
إنی أنا العباس أغدو بالسقا

مجھے موت کا کوئی خوف نہیں،
کیونکہ موت انسان کو کمال عطا کرتی ہے،
جب تک کہ میرا جسم، بہادروں کے جسم کی طرح،
میدانِ جنگ میں خاک میں نہ چھپ جائے۔
میری جان، پاک و طیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جان پر قربان ہے۔
میں ہوں عباسؑ، میرا لقب ہے سقّا (پانی پلانے والا)،

حضرت عباس علیہ السلام نے اس حملے میں دشمنوں کو منتشر کر دیا؛ شریعہ (دریا فرات کے کنارے) کے نگہبانوں پر حملہ کیا، بڑی تعداد کو ہلاک کیا اور پانی تک پہنچ گئے۔ آپ نے اپنے ہاتھوں کو پانی میں ڈالا اور انہیں منہ کے قریب لائے، لیکن جیسے ہی امام حسین علیہ السلام اور اہل بیت کے خشک لب یاد آئے، تو پانی کو واپس شریعہ میں ڈال دیا۔ پھر مشکیزہ کو پانی سے بھر کر خیموں کی طرف روانہ ہوئے۔

وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ

(مترجم ولایت ٹائمز)

---

۳. سید محسن امین، اعیان الشیعہ، ج ۷، ص ۴۳۰.
۴. محمد باقر مجلسی، بحارالانوار، ج ۴۵، ص ۶۶.
۵. علی خیابانی تبریزی، وقایع الایام در احوال محرم الحرام، ص ۴۱۸، مہدی حائری مازندرانی، معالی السبطین، ج ۱، ص ۲۶۹ و ذبیح اللہ محلاتی، فرسان الہیجاء، ج ۱، ص ۱۹۰
۶. خطبہ نماز جمعہ میبد، ۱۳۷۶/۰۲/۲۶، شمارہ ثبت اشراق ۴۰۴۷
۷. علی بن موسی (ابن طاووس)، اللہوف فی قتلی الطفوف، ص ۸۸.
۸-۹-۱۰. ہمان.
۱۱. محمد باقر مجلسی، بحارالانوار، ج ۴۴، ص ۳۹۲.
۱۲. ہمان، ص ۳۹۳.
۱۳. محمد مہدی حائری مازندرانی، معالی السبطین فی احوال الحسن و الحسین (علیہما)، ج ۱، ص ۴۴۱.

قیام عاشورا: تجدید دین اور بیداری امت کا پیغام

امام حسین علیہ السلام کی اتباع میں معاشرتی بگاڑ کا علاج اور کشمیری قوم کی نجات یقینی ہے

وسیم رضا قمی کشمیری

نواسہ رسول ﷺ سرکار سید شہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کا قیام ایک ایسے دور میں وقوع پذیر ہوا جب اسلامی معاشرہ بنی اُمیہ کے جابر حکمران یزید بن معاویہ کے زیر اقتدار تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا تھا۔ دینی اقدار پامال اور نابود ہو رہی تھیں، آسمانی احکام فراموش کیے جا رہے تھے اور روحِ اسلام زوال کا شکار تھی۔ ایسے سنگین حالات میں امام حسینؑ نے صرف ایک سیاسی انکار نہیں کیا بلکہ ایک توحیدی نہضت کا آغاز کیا جس کا مقصد اسلام کے حقیقی چہرے کو محفوظ رکھنا اور امت کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنا تھا۔

آپؑ نے اپنی عظیم قربانی کے ذریعے نہ صرف دینِ محمدی کو حیاتِ نو عطا کی بلکہ ظلم کے خلاف قیام اور حق کے لیے جان نثاری کو تا روز قیامت ایک ابدی مثال بنا دیا۔

پیغمبر آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے بنی نوع انسان کی ہدایت اور رستگاری کے لیے بے شمار مشقتیں برداشت کیں اور آپؐ کے بعد یہ مقدس فریضہ آپؐ کے پاک و طاہر اہل بیت اطہار علیہم السلام نے اسلامی تعلیمات کی تشریح و ترویج کے ذریعے اس عظیم رسالت کو آگے بڑھایا۔

یہ وہ سوال ہے جو ہر زندہ دل، آزاد فکر اور تعصب سے پاک ذہن میں بار بار گونجتا ہے: آخر ایسا کیا ہوا کہ فرزند رسول (ص(کو مدینہ چھوڑ کر کربلا کی جانب سفر کرنا پڑا؟ کیوں انھیں قلیل سے جانثاروں کے ہمراہ میدانِ کرب و بلا میں قیام کرنا پڑا؟ آپ نے کیوں اپنے عزیزوں، جان نثار اصحاب، معصوم بچوں کے خون اور پاکیزہ خواتین کی اسیری کو ترجیح دی؟ آخر وہ لمحہ کیسا تھا جب نواسۂ رسول ﷺ تنہا رہ گیا؟ کیا امت یزیدی ظلم اور سیسٹم پر خاموش اور راضی ہو گئی تھی؟ کیا دل مردہ، ضمیر سو چکے تھے، یا حق کی پہچان مصلحتوں کے پردوں میں گم ہو گئی تھی؟

مشہور مورخ مسعودی (۲۸۰–۳۴۶ھ) لکھتے ہیں:

یزید نے لوگوں کے ساتھ ایسا سلوک اختیار کیا جیسا فرعون کیا کرتا تھا، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ فرعون کا برتاو اس سے بہتر اور نرم تھا۔ (۱)

نہضت عاشورا کے آغاز سے کچھ قبل ایک دن مدینہ میں امام حسین علیہ السلام کی مروان بن حکم سے ملاقات ہوئی۔ مروان نے امام کو یزید کی بیعت کرنے کا مشورہ اور زور دیا۔

اس پر امام حسین علیہ السلام نے جلال میں فرمایا:

وإنّا لِلّٰہِ وَإنّا اِلَیْہِ راجِعُونَ وَعَلَی الاِسْلامِ السَّلامُ اِذ قَدْ بُلِیَتِ الاُمَّةُ بِراعٍ مِثْلَ یَزیدَ وَلَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وآلہ یَقُولُ: اَلْخِلافَةُ مُحَرَّمَةٌ عَلی آلِ اَبی سُفیانَ۔(۲)

"جب بھی اسلام کی باگ ڈور یزید جیسے فاسق کے ہاتھ میں ہو تو ایسے میں اسلام کی فاتحہ پڑھنا چاہیے۔ میں نے اپنے جد سے رسول خدا ﷺ کو سنا کہ وہ فرماتے تھے: خلافت خاندان ابوسفیان پر حرام ہے".

اسی دوران مروان بن حکم غصے سے چیخ پڑا:

"میں تمھیں ہرگز نہ چھوڑوں گا جب تک کہ تم یزید کی بیعت نہ کرلو! تم، علیؑ کے فرزند، آلِ ابوسفیان سے دل میں پرانی رنجش رکھتے ہو، اور بجا ہے کہ تم ان سے دشمنی کرو اور وہ بھی تم سے دشمنی کرتے ہیں۔"

امام حسین علیہ السلام نے جواب میں فرمایا:

دور ہو جا اے پلید! ہم اہلِ بیتِ عصمت و طہارت رسول ہیں، اللہ نے ہمارے متعلق اپنے نبی پر یہ وحی نازل فرمائی ہے:

«إِنَّمَا یرِیدُاللّٰہ لِیذْهِبَ عَنکمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَیتِ وَ یطَهِّرَکمْ تَطْهِیرًا»؛ (۳)

ترجمہ: یقیناً اللہ کا ارادہ بس یہی ہے ہر طرح کی ناپاکی کو اہل بیت! آپ سے دور رکھے اور آپ کو ایسے پاکیزہ رکھے جیسے پاکیزہ رکھنے کا حق ہے۔

امام حسین علیہ السلام نے سرزمین وحی اور شہر مدینہ سے کربلا تک اپنی حرکت کے دوران مختلف مواقع پر خطبے اور سخنرانیاں ارشاد فرمائیں، جن میں آپ نے اپنے قیام کے مقاصد اور اسباب کو واضح اور روشن کیا۔ یہ خطبات اور فرامین نہضت عاشورا کی تاریخ کا نہایت قیمتی سرمایہ ہیں اور امام حسینؑ کے اہداف و محرکات کو سمجھنے کے لیے بے حد اہمیت رکھتے ہیں۔

اپنے بھائی محمد حنفیہ کے نام وصیت نامہ میں امام حسین بن علی (ع) لکھتے ہیں:

وَاَنّی لَمْ اَخْرُجْ اَشِراً وَلا بَطِراً وَلا مُفْسِداً وَلا ظالِماً وَانَّما خَرَجْتُ لِطَلَبِ اْلا صْلاحِ فِی اُمَّةِ جَدّی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ اُریدُ اَنْ آمُرَ بِالْمَعْرُوفِ وَاَنْهی عَنِ الْمُنْکَرِ وَاَسیرَ بِسیرَةِ جَدّی وَاَبی علی بْنِ اَبی طالِبٍ.(٤)

میں سرکشی اور مقام یا جاہ طلبی کی خاطر یا ظلم و فساد برپا کرنے کی خاطر نہیں نکلا ہوں بلکہ میرا مقصد صرف اپنے نانا محمد مصطفیٰ) ص(کی امت کی اصلاح کرنا، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا اور اپنے بابا امیرالمومنین علی (ع) کی سیرت پر عمل پیرا ہونا ہے۔

امام حسینؑ کے قیام کے اہم اہداف (حضرتؑ کے مختلف اقوال کی روشنی میں):

اسلام اور سنتِ مصطفیٰؐ کی تجدید:

آفتاب امامت کی تیسری کڑی اور جانشین رسول اللہ (ص) حسین بن علی علیہ السلام کا قیام اُس وقت کے تحریف شدہ اسلامِ کو اپنی حقیقی اور اصل شکل و صورت میں واپس لانے کی ایک نورانی کوشش تھی۔ امام نے اعلان فرمایا کہ میرا مقصد فقط دینِ محمدیؐ کو زندہ کرنا اور سیرتِ نبیؐ کو معاشرے میں بحال کرنا ہے، جسے باطل حکمرانوں نے مسخ کر دیا تھا۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا احیاء:

حضرتؑ نے یزیدی حکومت کو گمراہی، فحاشی اور دین دشمنی کا علمبردار قرار دیا۔ آپؑ کا قیام ایک الٰہی فریضے کی ادائیگی تھا تاکہ معاشرے کو نیکی کی طرف راغب کیا جائے اور برائی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی جائے۔

ظلم و جبر کے خلاف قیام:

امام حسینؑ نے نہ صرف ظلم کے خلاف آواز بلند کی بلکہ اپنی جان، خاندان اور اصحاب کی قربانی دے کر یہ ثابت کر دیا کہ ظلم کے سامنے سر جھکانا عزتِ انسان کے خلاف ہے۔ آپؑ کی جدوجہد عدل و انصاف کی ابدی علامت بن گئی۔

اصلاحِ امت:

آپؑ نے فرمایا کہ میں اس لیے نکلا ہوں تاکہ اپنی امت کی اصلاح کروں۔ امام حسینؑ کا قیام ایک اصلاحی تحریک تھا جو بگڑے ہوئے دینی و اخلاقی نظام کو سدھارنے، امت کو بیدار کرنے اور اسلامی معاشرتی اور انسانی اقدار کو دوبارہ زندہ کرنے کے لیے تھا۔

انسانی عظمت و وقار کا دفاع:

یزید کی حکومت نے انسانی حرمت و شرافت کو پامال کر دیا تھا۔ امام حسینؑ نے اپنے قیام کے ذریعے انسان کو اُس کے شرف، آزادی اور کرامت کا احساس دلایا، اور یہ پیغام دیا کہ انسان کو کبھی بھی ذلت و پستی کے سامنے سر تسلیم خم نہیں ہونا چاہیے۔

راہِ انبیاء و ائمہ کا تسلسل:

امام حسینؑ نے اپنے قیام کو اُس الٰہی مشن کا حصہ قرار دیا جو انبیائے کرام اور آئمہ ہدیٰ نے اپنی زندگیاں وقف کر کے جاری رکھا تھا۔ آپؑ نے خود کو اس نورانی قافلے کا وارث اور محافظِ دینِ حق کے طور پر متعارف کروایا۔

آج تک بے شمار کتابیں، مقالات اور مجلات کربلا کے اہداف کے موضوع پر تحریر کی گئی ہیں، اور سال بھر شہدائے کربلا کی یاد میں خطابات اور تقاریر کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ تاہم، کسی نے آج تک یہ دعویٰ نہیں کیا کہ اس نے نہضتِ عاشورا کے تمام پہلوؤں اور اہداف کا احاطہ کر لیا ہے۔ اس کی اَصل وجہ یہ ہے کہ کربلا ایک الٰہی حقیقت ہے، جو حق کا سرچشمہ اور عرشِ اعلیٰ سے متصل ہے۔ ہماری پیاس بجھ سکتی ہے، مگر یہ دریا کبھی خشک نہیں ہوگا؛ جو جتنا اخلاص، بصیرت اور ظرف لے کر آئے گا، اتنا ہی اس بحرِ حقیقت سے فیضیاب ہوگا اور راہِ سعادت پر گامزن ہوگا۔

آج کی دنیا بہت حد تک صدرِ اسلام اور امام حسین علیہ السلام کے زمانے کی مانند ہو چکی ہے اور اگر شیطان کسی معاشرے یا انسان کو راہِ راست سے ہٹانا چاہے، تو اپنے لشکر کے ذریعہ تین اہم ہتھیاروں سے کام لیتا ہے: لالچ، دھمکی اور پروپیگنڈہ!

اگر ہم آج روئے زمین پر بہشت کا لقب حاصل کرنے والی کشمیر کے گوشہ و اطراف پر ایک نگاہ ڈالیں تو فتنہ انگیز خطباء و متضاد سخنرانان، فریب و جھوٹ، فسق و فجور، فحاشی و بے حیائی، رقص و موسیقی، بد خلقی و عریانی، شراب و منشیات، طلسم و نیرنگ، سحر و جادوگری، سودخوری و مادہ پرستی، طمع و حسد، تجمل گرایی، ماحولیاتی آلودگی اور نکاح جیسے مقدس بندھن کو سخت اور کٹھن بنانے جیسے سنگین بدعات و انحرافات واضح طور پر دکھائی دیتے ہیں۔ اگر ان گمراہ کن رجحانات کا بروقت سدباب نہ کیا گیا تو یہی سب مہلک رویّے ہماری آئندہ نسل کو گمراہی کی کھائی کے کنارے لا کھڑا کریں گے۔

کیا یہ تلخ حقیقت نہیں کہ کشمیر کی نسل جدید منشیات اور شراب کے دلدل، فحاشی اور دیگر برائیوں کی لت میں بری طرح گرفتار ہو چکی ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری اعداد شمار کے مطابق تقریباً ۱۵ لاکھ کے قریب منشیات کے عادی لوگ ہیں جن میں اکثر نوجوان اور ۱لاکھ سے زائد خواتین شامل ہیں۔ ایسے حالات میں عاشورایی نہضت سے الہام لیکر اپنے سماج کو بدلا جاسکتا ہے۔

شاعرِ مشرق علامہ اقبال (رح) نے کیا خوب کہا ہے:

رمز قرآن از حسین آموختیم
ز آتش او شعلہ ہا افروختیم (۵)

محرم الحرام ہمیں یہ موقع دیتا ہے کہ ہم اپنے نفس، معاشرے اور اپنی نسل کا محاسبہ کریں۔ وادی کشمیر اولیاء، سادات، صوفیاء اور علمائے ربانی کا مسکن رہی ہے، جس کے روحانی ورثے کی حفاظت ہی حسینی مشن کی حقیقی پیروی ہے۔

موجودہ دور میں ذرائع ابلاغ جیسے کہ اخبارات، میڈیا، سوشل میڈیا اور آن لائن پلیٹ فارمز، تبلیغ و معارف کی تبیین اور اصلاح کے مؤثر ستون بن چکے ہیں۔ صاحبانِ عقل و دانش پر یہ دینی و انسانی فریضہ عائد ہوتا ہے کہ وہ میدان میں وارد ہوکر قوم میں موجود بے مثال صلاحیتوں کو معاشرے کی اصلاح، سربلندی اور انسان کو جہالت و زوال کے گرداب سے نجات دلانے کے لیے استعمال میں لائیں۔

آئیے! سب ملکر بلا تفریق مسلک و مذہب اپنے وطن عزیز کشمیر کہ جسے پیروار اور ریش وار کا لقب حاصل ہے کی شان رفتہ کو بحال اور دوبارہ بہشت بنائیں۔۔

آئیے! من حیث القوم شفاف معاشرے کی تشکیل کیلئے یکدست ہوجائیں۔ یہی آنحضرت کے ۱۲ویں جانشین منجی عالم بشریت امام مہدیؑ کے فرج کی زمینہ سازی کیلئے ایک عظیم حرکت اور شہدائے کربلا کی خوشنودی اور رضائے پروردگار کا ذریعہ ہے۔

علامہ اقبال (رح):

کھُلے جاتے ہیں اسرارِ نہانی
گیا دَورِ حدیثِ 'لن ترانی'
ہوئی جس کی خودی پہلے نمودار
وہی مہدی، وہی آخر زمانی!

اَللّٰهُمِّ اجْعَلْ مَحْيایَ مَحْيا مُحَمِّدٍ وَ آلِ مُحَمِّدٍ وَ مَماتی مَماتَ مُحَمِّدٍ وَ آلِ مُحَمِّدٍ۔

اسلامی جمہوریہ ایران میں مقیم کشمیری مذہبی اسکالر اور محقق، جامعۃ المصطفیٰ العالمیہ حوزہ علمیہ قم میں دینی تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور اور ادارہ ولایت ٹائمز کے بانی مدیر اور سرپرست اعلیٰ ہیں۔

منابع:

۱)مروج الذہب، ج۳، ص ۶۸.

۲) موسوعة كلمات الامام الحسين عليه السلام ۲۸۵، ح۲۵۲، بحارالأنوار، ج ۴۴، ص ۳۲۶، العوالم، ج ۱۷، ص ۱۷۵، اعیانالشیعہ ج ۱ص ۵۸۸، ملہوف (لہوف)، ص ۹۹، مثیرالاحزان، فارسی، ص ۹۹، مقتل الحسین خوارزمی ص

۳)سورہ احزاب، آیت ۳۳

۴) موفق بن احمد خوارزمی، مقتل خوارزمی، ج ۱، ص ۱۸۸. مقتل عوالم، ص ۵۴، محمد باقر مجلسی: بحارالانوار، ج۴۴، ص۳۲۹ و شیخ عباس قمی: نفس المہموم، ص۶۹، سید عبد الرزاق مقرم: مقتل الحسین، ص۱۳۹، مناقب آل ابی طالب، ج ۴، ص۸۹، ابن اعثم کوفی: الفتوح، ج ۵، ص۲۱

۵)(رمز بیخودی، اقبال لاہوری)



کشمیری مرثیہ

دین و شریعت کی اشاعت کا فیض رساعظیم منبع اور صدیوں پر محیط قیمتی سرمایہ ہے

ذاکر سیّد انیس موسوی

پالربڈ گام، کشمیر

دنیا بھر میں جہاں کربلائیات کے حوالے سے امام حسین علیہ السلام اور آپ کے شرکاءِ شہادت شہداء علیہم السلام کے واقعاتِ مصائب کو منظوٗم جامہ پہنایا گیا ہے وہیں کشمیر میں" کشمیری مرثیہ "کا وجود بھی ملتا ہے۔ کشمیری مرثیہ کے حلیہ میں مخصوص سادگی، درد اور روحانیت پائی جاتی ہے۔ گرچہ کشمیر کے مرثیہ نگاروں نے عربی، فارسی کے امتزاج سے ایسا اسلوب تخلیق کیا جو کہ سامعین کے دل پر براہِ راست اثر کرتا ہے تاہم چند شعراء نے مکتبِ لکھنو سے متاثر ہو کر بھی مرثیہ کہی لیکن کشمیری مرثیہ میں مقامی رنگ ہی غالب رہا۔

کشمیری مرثیہ صرف ایک ادبی اظہار نہیں بلکہ ایک دینی، روحانی اور ثقافتی سرمایہ ہے۔ یہ نہ صرف شہدائے کربلا کی یاد کو زندہ رکھتا ہے بلکہ ایک قوم کی شناخت اور ایمان کی علامت بھی ہے۔ کشمیری مرثیہ حضراتِ اھل البیت علیہم السلام کے محض مصائب پر ہی نہیں بلکہ کشمیری مرثیہ کا بڑا حصہ ائمہ ھدیٰ علیہم السلام کی تعلیمات پر مبنی ہے کہ جس میں توحید اور نعتِ محمد مصطفیٰؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر انتہائی اہمیت سے کام کیا گیا ہے۔

فیم زانن سو خنج قحط سالی اتھ منز متاع نعتُک چھ گرانے
بہ خالی از بضاعت جنسِ غالی کرس کیا پیشکش چھُس گیرِانے

(مضمونِ یوسف۔ حصہ نعت: حکیم حبیب اللہ)

کشمیری مرثیہ دنیا بھر کی تمام زبانوں کی مراثی سے بلکل الگ اور جدا ہے۔ کشمیری شاعروں نے اپنی خداداد ذہانت اور قابلیت سے مرثیہ نگاری کا ایک انوکھا اور نرالا طریقہ اختیار کیا جو صرف کشمیر سے ہی تعلق رکھتا ہے۔ انہوں نے نئے اصول وضع کر کے مرثیوں کا ایک ایسا فن ایجاد کیا جسکی نظیر دنیا میں کہیں اور نہیں ملتی۔ جسطرح کشمیری مرثیہ باقی مرثیوں کی نسبت مختلف ہے اسی طرح کشمیر میں مرثیہ پڑھنے کا طریقہ باقی ممالک سے بالعموم اور ہندو پاک سے بالخصوص بلکل الگ اور مختلف ہے۔ کشمیر میں جو گانا مروج ہے اسکو چھکر کہا جاتا ہے۔ "چھکری اور روف یا ونہ ون" زمانہ قدیم سے ہی کشمیر میں اجتماعی طور پر گایا جاتا تھا اور حال میں بھی یہ سلسلہ اسی طرح جاری ہے بلکہ مُردوں کا بین بھی کشمیر میں عورتیں اجتماعی طور پر کرتی ہیں جسکو کشمیری میں "رینٹ" کہتے ہیں۔ الغرض یہاں کی ثقافت اور مذہب پر مبنی پروگرامز اجتماعی طور پر انجام دئے جاتے تھے تو اسی تناظر میں کشمیری شاعروں نے عوام کے رجحان کو بانپ کر اسی طریقے پر کشمیری مرثیہ تخلیق فرمائی۔ جس طرح میر سیّد علی ھمدانی نے کشمیریوں کی اس فطری رجحان کو مد نظر رکھتے ہوئے "اورادِ فتحیہ" منظوم کئے جو اجتماعی طور پر بلند آواز میں پڑھے جاتے ہیں۔

کشمیری مرثیہ کے ادا کرنے کا انداز اتنا دلچسپ اور پُر لطف ہے کہ کشمیر کے اکثر غیر شیعہ اور غیر مسلمان حضرات بھی اسکے طریق سے متاثر ہوتے رہے ہیں۔ کشمیر کے موضع بالہامہ کا ایک غیر مسلم پنڈت پوشکر ناتھ کی ذکر ایسے مقامات پر کرنا انتہائی ضروری ہے کہ جو کشمیری مرثیہ سے اس قدر متاثر تھا کہ باضاطہ اسکے وزن اور اسکے رموز سے کافی حد تک واقف تھا اور کئی مرتبہ بڑی مجالس میں کشمیری ذاکر کو مرثیہ ادا کرتے وقت پنڈت پوشکر ناتھ نے وزن اور اصطلاحی پیچیدگیوں پر مداخلت کی ہے۔

کشمیری مرثیہ کا اپنا ایک خاص وزن (طرز) ہوتا ہے جو کہ خود اسکے تخلیق کار یا کسی خاص ذاکر نے بنایا ہوتا ہے اور کشمیر میں اب تک مرثیہ اپنے اُسی خاص وزن (طرز) سے پڑھی جارہی ہیں اور کسی بھی شخص کو اسکے وزن کو تبدیل کرنا انتہائی معیوب مانا جاتا ہے۔ گرچہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کشمیری مرثیہ کے کئی ذاکرین نے اپنی آواز کی کوتاہیوں کو چھپانے کیلئے مرثیہ کا وزن کسی نہ کسی مقام پر قدرے تبدیل کر بھی لیا لیکن وادی میں مقیم اہلِ نظر کی نظر میں ایسے اقدامات ہدفِ تنقید ہیں۔

"مرحوم آیۃ اللہ آغا سید محمد باقر النجفی کے چہلم کی مناسبت سے عالمی شہرت یافتہ برِ صغیر کے معروف عالم دین آیۃ اللہ سید عقیل الغروی جب وادی کشمیر تشریف لائے اور یہاں پر اُنہیں کشمیری مرثیہ کی خدمات اور فنی کمالات سے متعارف کروایا گیا اور بالخصوص خطیبِ منبر کی مجلس عزاء کی خطابت کے بعد مخصوص انداز میں کشمیری مرثیہ کی ادائیگی (واڑھ) کے متعلق انہیں توضیحات پیش کی گئیں تو انہوں نے عش عش کرتے ہوے فرمایا:

"در حقیقت، وادی کشمیر کے جلیل القدر بزرگوں نے عزاداری کے اسلوب کو جو وقار، عظمت اور انفرادیت عطا کی ہے، وہ کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ انہوں نے نہ صرف اپنی دینی شناخت کو محفوظ رکھا بلکہ کشمیری مرثیہ کی صورت میں ایسا قیمتی ثقافتی اور روحانی ورثہ چھوڑا جو آنے والی نسلوں کے لئے مشعلِ راہ ہے۔ جب میں نے یہاں کے مخصوص طرزِ عزاداری، خاص طور پر مرثیہ خوانی اور ماتمی آداب کا مشاہدہ کیا تو دل نے بے اختیار گواہی دی کہ باقی ممالک کی عزاداری، اس عظیم اور عارفانہ انداز کے سامنے ماند پڑ جاتی ہے۔ یہاں کی عزاداری صرف رسم نہیں، بلکہ ایک شعور آفریں روحانی تجربہ ہے"

کشمیری مرثیہ کا ایک فخریہ اعزازیہ بھی ہے کہ یہ برِ صغیر کی پہلی موضوعی مرثیہ ہے اس سے پہلے برِ صغیر میں موضوعی مرثیہ کا کوئی بھی وجود نہ تھا۔ پھر بیسویں صدی میں ہندوستان میں ایک غیر مسلم شاعر دلّو رام کوثری نے "حسین اور قرآن" کے عنوان سے موضوعی مرثیہ لکھی اور اردو میں موضوعی مرثیہ کا آغاز کیا لیکن کشمیری مرثیہ میں آج سے قبل دو سو یا ڈھائی سو سال موضوع کا بھرپور خیال رکھا گیا ہے۔ برِ صغیر میں موضوعی مرثیہ کا رواج نہ تھا محض کشمیری شعراء نے اسکا آغاز کیا اور پانچ سو سے زائد مرثیہ تخلیق کئے۔ ہر ایک مرثیہ میں قریباً پانچ سو یا سات سو مصرعے ہیں اور کتنی ہی ایسی مراثی ہیں جو کہ ایک ہزار مصرعوں پر مشتمل ہیں۔ کشمیری شعراء نے اپنی مرثیوں کو "مضمون" کا نام دیا۔ کسی شاعر نے سمندری جہاز میں سفر کے دوران سمندری سفر کی تمام ترلذّتوں کا مشاہدہ کرنے کے بعد "مضمونِ جہاز" لکھا تو کسی نے علمِ جفر کی تمام باریکیوں اور دقّتوں کو ملحوظِ نظر رکھ کر "مضمونِ جفر" لکھا۔ اسی طرح کشمیری مرثیہ میں موضوع کی نہایت رعایت رکھتے ہوئے یہاں کے شعرائے کرام نے سینکڑوں کی تعداد میں مرثیہ تصنیف فرمائی جن میں مضمونِ کبریائی، مضمونِ سکندری، مضمونِ بیاض، مضمونِ نصرت، مضمونِ حج، مضمونِ اجتہاد، مضمونِ علوم، مضمونِ نحو، مضمونِ چراغ وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔

کشمیری مرثیہ برِ صغیر کی پہلی موضوعی مرثیہ:

جیسا کہ ذکر ہوا کہ یہ برِ صغیر کی پہلی موضوعی مرثیہ ہے ہر ایک مضمون میں مصنّف نے موضوع کا نہایت ہی خیال رکھا ہے اور کسی بھی جگہ موضوع پر سمجھوتہ ہرگز نہ کیا۔ چونکہ ہر مضمون کے پانچ باب (پڑاو) ہوتے ہیں جس میں پہلا باب جو کہ توحید پر مبنی ہے "حمد" کہلاتا ہے۔ دوسرا باب جو محض سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ کے نعت پر مبنی ہے اُسکو "نعت" کہتے ہیں، تیسرا باب جو حضراتِ ائمہ ھُدیٰ علیہم السلام کے فضائلات اور تعلیمات پر مشتمل ہے اسکو "مدح" یا "حصہ منقبت" کہا جاتا ہے پھر اسی طرح چوتھا باب مصائب پر مبنی ہے وہ "درد" کہلاتا ہے اور کئی مرثیوں میں پانچواں باب بھی پایا جاتا ہے جو کہ "حصہ دعا" کے نام سے مشہور ہے۔ ہر ایک مضمون میں مصنّفین نے ہر باب یعنی مضمون کے ہر حصہ میں موضوع کا انتہائی خاص خیال رکھا ہے اور ہر باب کی فضیلت کو موضوع کے اعتبار سے مزیّن فرمایا۔ مثال کے طور پر ہم یہاں پر کشمیری ایک عظیم مصنّف مرحوم حضرت منشی محمّد صفدر رضوان اللہ تعالیٰ علیہ کے ایک مضمون کا مختصراً ذکر کرتے ہیں کہ کس قدر انہوں نے ہر باب میں موضوع کا لحاظ رکھتے ہوئے فنی کمالات سے سرشار کلام کی ترتیب دی۔ منشی محمد صفدر کے "مضمونِ سنگ" کے ہر باب سے ماخوذ چند مصرعے۔

یا اللہ سنگِ سینئہ میون لعلِ حمدن معدن کرتن خدایا
یُتھ زلیم سنگِ راہ سپنیم کلام سنگین ہم سنگ لالی (حصہ حمد سے ماخوذ)

ترجمہ: یارب! میرے سینے کے پتھر کو اپنے حمد کے جواہرات کا معدن بنادے تاکہ جو رکاوٹیں تیری حمد میں حائل ہوں وہ دور ہو جائیں اور میرے اشعار موتیوں کی مانند آبدار اور روشن ہوں۔

تس عالی جناب سنز براندء کنہِ کُن فلکن تہ ملکن درشن گاہ
تہند سنگِ آستان آسمان تھاویس عیان نقشِ پا مہر وماہ سُے ذوالمعالی
تہندِ ناوہ موساس سنگِ خار منزباہ نہرء درائے
تس شبِ معراجہ ء از صخرِ سماء ملک برونٹھہ درائے (حصہ نعت سے ماخوذ)

ترجمہ: اُس برگزیدہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ کی دہلیز کا پتھر ملائکہ اور آسمانوں کی سجدہ گاہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ آستانِ رفعت کا پتھر آسمان ہے جس پر آپ کے پایانِ مبارک کے دو نقوش آفتاب اور مہتاب دکھائی دیتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ کا نامِ مبارک جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی زبان پر جاری کیا تو اُسکو پتھر میں سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے۔ شبِ معراج کی تقریب کے دوران تمام ملائکہ آپ کے استقبال کیلئے آگئے۔

وونی بدخشان دِہانہء کڈہء اعلیٰ مدحُک لعلا
یوء کنہِ چھُم مقصوٗد کانِ امکانُک نگینِ سلیمان دٖین علیؑ عالی
تہندِ س صحرائی عظمتس منز عرش دپی زِ سنگریزا ادنیٰ پائے (حصہ مدح منقبت)

ترجمہ: اب میں بدخشان دِہن سے مدح امیر المومنین علیہ السلام کے اعلیٰ جواہر اور لعل نکالوں گا۔ میرا ممدوح دین کا بادشاہ اور بلند مرتبہ والا مولا علی شیرِ یزدان علیہ السلام ہے جو معدن دِنیا کے نگین ہیں۔ اُن کے رفعت اور مراتب کے وسیع میدان میں آسمان بھی ایک معمولی اور بے حقیقت سنگریزہ کی مانند ہے۔

کرِ ییم گرمن کنہِ آب اسہ جگرن گیہ کباب ژھنہء کانہہ خشک زبانو اسہ ہیو تشنہ لباو۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ بوٗزتھ اوس دپان حضرتِ عباسؑ پانو دپس کتھہء کنہِ آیم آبہء کنے۔(حصہ مصائب سے ماخوذ)

ترجمہ: اس گرمی کی تمازت سے تو پتھر بھی پانی پانی ہونے کو ہیں ہمارے جگر پھٹنے کو آئے کیا واقعی دنیا میں ہم جیسا تشنہ اور بھی کوئی ہوگا۔ حضرت سکینہ سلام اللہ علیہا کے یہ بین سُن کر جناب ابوالفضل العباس علیہ السلام اپنے آپ سے باتیں کر رہا تھا کہ میں کیسے کہہ دوں کہ جو چاہ میں کھودا تھا اُس میں پانی کے بجائے پتھر نکلے۔

قارئینِ محترم جیسا آپ نے بھی ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ کس قدر مقفّٰی و مسجّٰی اور نہایت ہی خوبصورتی کے ساتھ کشمیری مصنف نے ایک ہی موضوع کے تحت ایک مرثیہ کے تمام حصوں میں موضوع کا رنگ دکھا کر اول توحید، دوم نبوت سوم امامت اور چہارم مصائب بیان کئے۔ یہاں پر ایک اندازہ تو ہو ہی گیا ہوگا کہ اگر ان مصرعوں (جو کہ اوپر نمونے کے اعتبار سے پیش کئے گئے) کی توضیح و تشریح کی جائے تو اُس کے لئے ایک مقالہ ہرگز کافی نہیں بلکہ کئی ساری کُتب وجود میں آسکتی ہیں۔

یہ ذاکرن وَنہء نے رؤدچھ رؤدہء کھوتہء بے حساو (مضمونِ آبِ رحمت)

اسی طرح کشمیری مرثیہ کا ہر ایک مضمون اسی انداز اور اسی طریقے سے تصنیف کیا گیا اور سب سے زیادہ ترجیح تقریباً ہر مرثیہ میں نعتِ سرورِ کائنات کو دی گئی ہے۔

کشمیری مرثیہ کا منتخب شدہ وزن (طرز):

یہ ایک حقیقت ہے کہ ہر کلام کا کوئی نہ کوئی طرز ہوتا ہے۔ ماہرین قرائت قرآن خود بہتر یہ بات سمجھا سکتے ہیں کہ قرآن مجید کی تلاوت میں ایک خاص قسم کی صوت و لحن ہے اسی طرح باقی دنیا کے تمام کلام اپنی ایک خاص تال اور لے میں جچتے ہیں۔

جیسا کہ میں نے اوپر رقم کیا کہ کشمیری مرثیہ کا "وزن اور طرز" اُسکے مصنفؒ نے زیادہ تر خود منتخب کیا ہے اور آج تک اُسی "وزن" اُسی "تال" اور اُسی "لے" سے کشمیری مرثیہ پڑھی جارہی ہیں۔ کشمیری مرثیہ کے وزن میں ایک زبردست کشش ہے کہ اگر کبھی کبھار سامعین کو کوئی مصرعہ سمجھ بھی نہ آئے پھر بھی اُس مصرعے کی "لے" اور "طرز" سے ہی سامعین کی آنکھیں پُرنم ہوتی ہیں اور اہلِ دل اکثر اوقات محض "طرز" اور "وزن" یا "لے" اور "تال" کو سُن کر ہی پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتے ہیں۔ یہاں پر یہ بات لکھنا انتہائی لازمی قرار دیتا ہوں کہ بہت ادیب حضرات کا کہنا ہے کہ کشمیری مرثیہ کا وزن ،لے یا تال کشمیری صوفی شاعری کے نغموں سے لیا گیا ہے۔ لیکن یہ بات اُس وقت رد ہوتی ہے جب ایک انسان خود صوفیانہ کلام باوزن سماعت کرے تو پھر محسوس ہوتا ہے کہ صوفیانہ کلام کے طرز اور کشمیری مرثیہ کے طرز میں دور دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ بلکہ ہمارے اکثر اسلاف اس بات کے قائل تھے کہ کشمیری مرثیہ کا "وزن لے اور تال یا طرز" ایک الہامی ہے۔

کشمیری مرثیہ کا "طرز یا لَے" ایک اہم مسئلہ ہے اگر چہ آج کل کے کچھ نوجوان حضرات یہ بھی کہتے ہیں کہ مرثیہ کا وزن ضروری نہیں ہے اسکو تحت لفظ پڑھنا ہی بہتر ہے۔ یہ سراسر ناانصافی ہے کہ کشمیری مرثیہ کے اپنے خاص "طرز" یا مخصوص "لَے" کو فراموش کیا جائے۔ کشمیری مرثیہ خود ایک اہم و نادر اسامہ ہے اور اسکا "طرز" یا اسکی "لَے" ہمارے ثقافت کی ایک خاص شناخت ہے۔ ایران و عراق میں جب بھی بندہ حقیر نے کشمیری مرثیہ کو اپنے خاص طریقے سے عتباتِ عالیات میں پیش کیا تو بارہا اِن آنکھوں نے دیکھا کہ کس طرح عرب و عجم سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں کی تعداد میں مرد و زن ہماری مرثیہ سُن کر اشکبار ہورہے تھے پھر جب اُن سے میں نے دریافت کیا کہ آپ کی سمجھ میں کیا آیا کہ آپ کی آنکھوں سے اشکوں کے سمندر رواں تھے تو اُنھوں نے جواب دیا کہ آپ کی مرثیہ کا متن تو ہماری سمجھ میں نہیں آیا لیکن اس مرثیہ کی "لَے" نے ہمیں اتنا مغموم کیا کہ آنسو خود بخود جاری ہوئے۔

کشمیری مرثیہ کی "لَے" یا اسکے مخصوص "طرز" کے متعلق ہمارے اُستاد محترم جناب ذاکر علی محمد قاسمیؒ (بامامہ کشمیر) اپنی اکثر مجالس میں فرماتے ہیں کہ مصنف نے اپنی مرثیہ کے "وزن" یا اسکی "لَے" کو مرثیہ کے موضوع کے اعتبار سے رکھا ہے یعنی جس موضوع کا مرثیہ ہو اُسکی موضوع سے ملتا جلتا "وزن" یا اس موضوع سے شباہت رکھنے والی "لَے" کو مصنف نے اُس مرثیہ کے لئے انتخاب کیا۔ مثلاً جب مرحوم و مغفور حضرت مرزا ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ نے نجفِ اشرف جانے کیلئے سمندری جہاز کا سفر اختیار کیا تو سمندری جہاز میں سمندری سفر کی لذّت کو محسوس کرنے کے دوران حضرت مرزا صاحب نے آبی جہاز میں جن جن دھکیل اور دھچکوں یا آہٹوں اور دھپّوں یا سرسراہٹوں اور جھٹکوں یا سفر کے دوران جہاز کے رُکنے اور نکلنے کے وقت جس جس ہچکولہ اور ہلچل کو محسوس کیا وہ تمام ہچکولے ہلچل اور ہلکے جھٹکے مرزا صاحب نے مضمونِ جہاز کے "وزن" اور "طرز یا لَے" میں شامل کی۔ یعنی جس نے سمندری سفر کیا ہو گا پھر جب وہ مضمونِ جہاز کا "وزن" یا "طرز" سماعت کرے گا تو مضمونِ جہاز کا "وزن" سماعت کرتے کرتے اُس شخص کو محسوس ہوگا کہ جیسے وہ سمندری جہاز میں ہے۔ اسی طرح کشمیری مرثیہ کے اوزان کے بہت سارے ماہرین کا کہنا ہے کہ مضمونِ عمامہ کے اجزائے ترکیبی کے چوتھے جُز (پوت کتھ) کے آخری لفظ کا جو "وزن" ہے اُس "لَے" کو سماعت کرتے وقت انسان کو محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کوئی شخص اپنے سر پر عمامہ باندھتا ہے۔۔ اسی طرح اَن گنت اور لاتعداد مقامات ایسے ہیں کہ جس میں سامعین اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کسطرح مصنفین نے مرثیہ میں موضوع کے اعتبار سے "وزن اور لے" کی رعایت کی ہے۔ خیر۔۔ یہ ایسی باتیں ہیں جنہیں تحریراً بیان کرنا ناممکن ہے البتہ ہاں! تقریراً ہی اوزان کی ایسی باریکیوں اور پیچیدگیوں کو سمجھا جاسکتا ہے۔

کشمیری مرثیہ میں تعلیماتِ ائمہ اطہارؑ:

کشمیری مرثیہ میں تعلیماتِ اہلبیتؑ پر اگر تجزیہ کیا جائے تو یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ تمام کشمیری مرثیہ ابتداء سے انتہا تک مکمل تعلیماتِ اہلِ بیت اطہار علیہم السّلام سے لبریز ہے۔ کشمیری مرثیہ میں توحید اور نبوت یا ولایت و امامت کی کثیر مقدار اگر ملتی تو بنی نوع انسان کو جان

لینا چاہئیے کہ اگر انسانیت میں کہیں پر معرفتِ کردگار پایا جاتا ہے تو یہ محض سرکارِ ابوطالب علیہ السّلام کے پاک گھرانے کی قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ منبرِ سلونی سے "لَوْ لَا نَا مَا عُرِفَ اللہ" اور "بِنَا عُبِدَ اللہ" کی صدائیں بلند ہونا ہی اس بات کا ثبوت ہے کہ پوری دنیا میں مخلوقِ خدا کو اسی پاک گھرانے کی مرہونِ منّت سے خدائے لم یزل کی معرفت کے منازل طے کرنے کا شرف حاصل ہے۔ کشمیری مرثیہ میں تعلیماتِ ائمہ ھدیٰ کی کثیر مقدار نہ صرف کشمیری رثائی ادب کے حُسن کو نکھارتا ہے بلکہ قوم وملّت کے دنیاوی اور اُخروی سربلندی کا موجب بھی ہے۔ یہ بات اظہر من الشّمس اور اشہر من القمر ہے کہ اگر اہلِ علم اور صاحب نظر حضرات کشمیری مرثیہ میں تعلیماتِ ائمہ ھدیٰ پر قلم اُٹھائیں گے تو معلوم نہیں کتنی ساری زخیم کتابیں وجود میں آئیں گی۔ البتہ اس موضوع کے تناظر میں ہم یہاں پر سرسری طور ایک طائرانہ نگاہ میں اسکی چند مثالیں پیش کریں گے تاکہ قارئینِ کرام کو ذرا اندازہ ہوسکے کہ کشمیری مرثیہ کیونکر تبلیغِ دین و شریعت کا منبع کہلاتا ہے۔

کونہہ ہے روزہ دارس افطارس چاوِہ اکھ تریشہِ دامے

تمی زن راہِ خدا سیر کری داہ فیامے (مضمونِ ماہِ رمضان مرزا ابو القاسم)

ترجمہ: جس کسی نے ایک روزہ دار کو افطار کے وقت ایک گھونٹ پانی پلایا گویا اُسنے راہِ خدا میں ایک لاکھ فقراء کو سیر کیا۔ (الحدیث)

چُھ روح گونہس جسد حسد کران تتہٕ منز نشونما

تھاوان نہٕ ایمان تہٕ دُنیا حاسد زن خفاش تراٗو تھہٕ روزِ روشن اختیار کران ظُلمت شب طاری

تراٗوِ تھہٕ معبوٗدِ برِ حق کنین کران پرستاری

کران نہ سنگدلن کینہ اثر پند و وعظ تہٕ حق گفتاری (مضمونِ حسد؛ منشی مصطفیٰ علی)

ترجمہ: گناہگاری کا جسم حسد ہے کہ حسد ہی کے سائے تلے گناہ پروان چڑھتا ہے۔ ایک حاسد کو ایمان کی دولت سے حسد ہی محروم رکھتا ہے اور اپنی روشن زندگی کو ظلمت کی تاریکیوں میں بدل دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات مقدس کو چھوڑ کر صنم کی پرستش کرنا دراصل حسد تھا۔ حسد رکھنے والے کو نہ وعظ نصیحت اثر کرتی ہے نہ کسی کی تلقین۔

تھاوِ تو گوش وارٕ چُھ لایقِ گوشارو۔ دُرِ شہوار یہِ کلام ِشاہ ؑ۔ فرماوِہ مَنْ کَثُرَ کَلَامُہٗ کَثُرَ مَلَامُہٗ سُہ مَظہرِ اسرارو۔

چُھ فرماوان امام ِزین العابدین ؑ چھے پرتھ صُبحہٕ پرٛژھان زبان ینہٕ نین بندنو۔

احوال تُہندبخیر چھاِچھس دِپان اعضاءوُنوی صاف تہٕ لگی مادندنو

اس چِھ محفوظ ہرگاہ واتناوکھ نے اذا۔ چِھُے التماس کانسہ سیت متہٕ کرتہٕ غرضاہ (مضمونِ خاموشی حکیم عبد اللہ)

اب اپنے کان میری طرف رکھیں کہ یہ بات خوشگوار گوشوارے کی مانند ہے۔ ایک نادر و نایاب لعل کے مثل یہ کلام امیر المومنین علیہ السّلام کا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے عجائبات و اسرار کا مظہر جناب مولا علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ "مَنْ کَثُرَ کَلَامُہٗ کَثُرَ مَلَامُہٗ" یعنی جو جتنا زیادہ بولے گا اُتنا لوگوں کی ملامت کا مرکز بنے گا۔ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہر روز صبح انسان کی زُبان باقی تمام اعضاء سے خیر و خیریت پوچھتی ہے تو باقی تمام اعضاء جواب دیتے ہیں کہ اگر تُم قابو میں رہو گی تو ہم خیریت سے ہیں اگر تم سے اپنے آپ کی لگام نہ کسی تو ہماری خیر نہیں یعنی ہم اعضاء محض

تمہاری ہی وجہ سے مصیبت میں پڑ جاتے ہیں۔

لَیتَنِی مِتُّ صَبِیّاً فرماوِہ شاہ ؑ ادہ میہ ہیوٗ گناہ اتہِ وَنہِ کیا۔ (مضمونِ پیری)

ترجمہ: جہاں امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام جیسی شخصیّت اللہ تعالیٰ کے رعب و جلالت کے سامنے یہ کہیے کہ "اے کاش میں بچپن میں ہی اس دنیا سے رخصت ہوا ہوتا" وہاں مجھ جیسے گنہگار کی اوقات ہی کیا؟

آنحضرتس در صلاۃ سوزِن صلوات واجب کرِہ حق سُبحانے

یُس نہٕ کرِہ ادا تس پیٹھ دروٗدا نماز ناقبول چھس سپنانے (مضمونِ جماعت؛ حکیم سید رضا)

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نماز میں درود پڑھنا اللہ تعالیٰ نے واجب قرار دیا ہے اور جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود نہ بھیجے تو اُسکی نماز قبول نہیں ہوتی۔ (الحدیث)

اسی طرح انگنت اور بے حساب مقامات ایسے ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ کس قدر زمانے قدیم میں جب منبروں پر قدغن صادر تھے تو اسی کلام نے یہاں کی عزاداری اور عقائد کو محفوظ رکھنے میں اپنا کلیدی رول ادا کیا۔ مشہور عربی کہاوت ہے کہ "اَلعَیَانُ لَایَحْتَاجُ اِلْبَیَان" جو عیان ہو وہ بیان کا محتاج نہیں ہوتا۔

کشمیری مرثیہ اور ہمارا فریضہ:

تاریخ کے اوراق جب پھیر دئے جائیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اُن قوموں کے تاریخی کاخ خاک کے ڈیر میں تبدیل ہوگئے جنھوں نے اپنی تہذیب اور اپنی ثقافت یا فرہنگ کو نئ پود تک نہیں پہنچایا ۔اسی طرح کشمیری مرثیہ ہماری شناخت ہے۔ کشمیری مرثیہ کا طریقہ ہماری آن ہے، اسکی تان ہماری شان ہے۔ لہٰذا ہمارا فرض بنتا ہے کہ جس کلام نے ہمارے عقائد کو مشکل ادوار میں محفوظ رکھا ہیں اسکی حفاظت کیلئے اقدام کرنے چاھیے۔ نئ نوجوان نسل کو اسکی معرفت کرا کے اُنکے اذہان میں اسکی اہمیت کو اجاگر کرنا ہمارا فرض ہے۔ خاص کر اغیار کی خدمت میں اس قیمتی کلام کو متعارف کرنا انتہائی ضروری ہے تاکہ کشمیر کے دیگر طبقھاے فکر سے تعلق رکھنے والے ذی حس اور اہلِ علم کو معلوم ہوجاے کہ کشمیری زبان میں نعتیہ کلام اور توحید پر کس قدر کام کیا گیا ہے۔ والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

حضرت زینبؑ ایک مقدس، مینارہ خیر اور مثالی کردار

شیخ ہلال علوی

باباپورہ، زونی مر سرینگر

حضرت زینب سلام اللہ علیہا وہ قد آور، قدسی صفت اور مثالی خاتون ہیں کہ جس نے معرکہ ٔ حق و باطل میں صبر و استقامت کا اس طرح مظاہرہ کیا کہ جس کی مثال تمام انسانی تاریخ میں نہیں ملتی۔ کربلا کے معرکے میں اس قدسی صفت نورانی خاتون نے جس دلیری سے مشکلات اور مصائب کا مقابلہ کیا وہ بلا تفریقِ مذہب و ملت اور رنگ و نسل، تمام نسلِ انسانی کے کے لئے نہ صرف ایک درخشاں مثال ہے بلکہ سرمایہ ٔ افتخار ہے۔ پیغمبر اکرم ﷺ کی اس نواسی نے یہ تابناک اور واضح سبق انسانیت کو سکھایا جو سارے انبیاء کرام کے ،مرکزی دعوت کا بنیادی نکتہ اور مقصود رہا ہے یعنی خیر و شر کے مابین جب بھی کشمکش اور رسہ کشی ہو تو کس طرح خیر اور صداقت کی ترجمانی کا فریضہ انجام دینا ہیں۔ مستند روایت میں حضرت زینب سلام علیہا کا ایک خواب نقل ہوا ہے، چار سال کی عمر میں آپ نے ایک خواب دیکھا، خواب میں آپ دیکھتی ہیں کہ پورے مدینے میں ظلمت اور اندھیرا چھا گیا ہے ایسا اندھیرا کہ مکانوں کو اڑا رہا ہے اور خود آپ یعنی زینب الکبریٰ کے پاؤں (قدمِ مبارک) جیسے اُکھڑ رہے ہیں اور میں ہوا کے رحم و کرم پر اُس اندھیرے میں چکر کھا رہی ہو اور اچانک میں ایک درخت میں جیسے آگئی یہ درخت اس قدر مضبوط تھا کہ زندگی بھر میں نے اس جیسا درخت نہیں دیکھا تھا اور ہوا اتنی تیز و تند اور شدید تھی کہ اُس درخت کی جڑیں بھی اُکھڑ جاتی ہے اور اس طرح درخت بھی گر جاتا ہے اور میرے ہاتھوں میں ایک شاخ آجاتی ہے اور میں اس کو تھام لیتی ہو لیکن آندھی اتنی شدید تھی کہ میں آسمان کی اور جیسے اُڑ رہی ہوں اور اخیر میں وہ شاخ بھی ٹوٹ جاتی ہے پھر دو ڈالیاں میرے ہاتھوں میں آجاتی ہیں پھر اس کے بعد یہ دونوں ڈالیاں میرے ہاتھوں سے چھوٹ جاتی ہیں اور آخر میں جیسے میں گُم ہو جاتی ہو اور کوئی راہ نظر نہیں آتی۔ ”مادر جاں بی بی فاطمہ ؑ سے یہ خواب بیان کیا بی بی فاطمہ نے کہا، چلو آپ کے نانا جان سے خواب کی تعبیر پوچھتے ہیں ۔ رسالت مآب آنحضرت ﷺ سے خواب بیان کیا، آپ ﷺ رونے لگ گئے بچی یعنی زینب کو باہر نکالا اور آپ ؐ نے فاطمہ الزہرا کو بتایا کہ یہ درخت میں ہوں اور یہ خود اُمُ المصائب ہیں، کچھ وقت تک میرا آسرا میسر رہے گا اور اس درخت کی شاخ علی ؑ ہیں اور جو دو ڈالیاں درخت کی ہاتھ میں آئی ہیں وہ کوئی اور نہیں بلکہ حسن اور حسین ہیں اور یہ میری نواسی ان سب کے غم اور مصائب دیکھے گی اور اس اندھیرے میں گم ہو جائے گی۔

اہلِ بیت اطہار کو یہ معلوم تھا کہ اس بی بی زینب الکبریٰ کو نہایت مشکلات و مصائب کا سامنا کرنا ہیں۔ زندگی کے مختلف نشیب و فراز سے گذر کر اور مصیبتیں دیکھ کر زینب ؑ نے اپنے والد بوتراب علی ؑ کی طرح حق و صداقت کا دامن نہیں چھوڑا۔ پیمبرانہ مزاج قدسی صفت یہ نورانی خاتون نے چھ سال کی عمرِ مبارک میں اپنے نانا جان سے محروم ہوئی۔ اپنے عزیزوں اور اقارب سے محروم ہونا ایک ناقابلِ تلافی نقصان اور محرومی ہے لیکن یہ نانا رحمتہً للعالمین ؐ تھے ۔ اپنے نانا کی محرومی سے وہ ٹوٹ جاتی ہیں، نگاہیں اپنی والدہ بی بی فاطمہ خاتونِ جنت کی طرف جاتی ہیں۔ بی بی فاطمہ ؑ، اپنی بیٹی کے لیے ایک مضبوط اور تابناک مثال تھی۔ ایک اور روایت میں نقل ہوا ہے، بی بی زینب ؑ بیان کرتی ہیں کہ ایک دن میری والدہ نہایت رنجیدہ تھی اور اسی حالت میں وہ مجھے اپنے نانا جان کے مزار پر لے گئی اور وہاں فاطمہ نے آپؐ کے قبرِ مبارک سے خاک اٹھائی اور اسے سونگھنے لگی۔ اور کہنے لگی ”مازا علیٰ مَن شَمَ تُربتَ اَحمدا اَن لایَشمامَدَ الزمان غوالیاں۔“ جس نے اَحمد ؐ کی تربت کی مٹی کو سونگھا تو پھر دنیا کی کوئی خوشبو اُسے مزہ نہیں دیتی، یعنی کوئی بھی خوشبو اس کے لیے ہیچ ہے۔ پھر فرماتی ہیں یا رسول اللہ کہ دنیا آپ کے بعد جو مصیبتیں مجھ پر پڑی اگر وہ مصیبتیں دنوں کے اوپر ڈالی جاتی تو وہ رات میں تبدیل ہو جاتی۔ ”بی بی زینب ؑ نے یہ سب مصائب دیکھے۔ سارا گھر سوگوار رہتا تھا۔ نانا جان دنیا سے کوچ کر گئے، مادر بی بی فاطمہ بھی نقل مکانی فرما گئی۔ اَبا علی ؑ کی خلوت نشینی بھی نظروں میں تھیں۔ آپ ؑ بی بی فاطمہ کی تربت پر جایا کرتے تھے وہاں قرآنِ حکیم کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ یہ غم کے روز و شب زینب ؑ دیکھ رہی تھی۔ ایک مستند واقعہ روایات میں آیا ہے کہ ایک دن امام علی ؑ اپنی زوجہ بی بی فاطمہ کی تربتِ مبارک پر قرآن پڑھ رہے تھے کہ اچانک آپ ؑ کو اونگھ آئی، ”اس اونگھ کے دوران بی بی خواب میں آئی اور کہنے لگی ”اِسرع یا علی اِسرع“ علی [illegible] دوڑو زینب



گئی ہے۔ آپ گھر آتے ہیں، آواز آتی ہے، ''اَیْ یَا علی اَیْ یا اَبتااَین عَلیا''۔ غرض کہ حضرت زینب کی پوری زندگی ایک عجیب کشمکش اور غموں میں گذری۔ چونکہ آنحضرت ﷺ نے کہا تھا کہ میری اس زینب کو بہت غم دیکھنے ہیں۔ جس دن علی علیہ السلام کی شہادت ہوئی، زینب ؑ اپنے والد کے پاس آتی ہے اور پوچھتی ہے کہ کیا واقعی میرے بھائی حسین کو کربلا میں شہید کیا جائے گا۔ فرماتے ہیں ہاں میری بیٹی، رسول اللہ ؐ نے یہی کہا ہیں اور آپ اپنے بھائی کے ہمراہ ہوگی لیکن آپ ؑ نے یہ نہیں آپ سے کہا کہ تجھے کوفہ اسیر کر کے لے جائے گے۔ فرمایا عزم و ہمت سے کام لینا میں آپ کے ساتھ ہوں۔'' بی بی زینب ؑ نے کیا کیا نہیں دیکھا۔ نانا جان کی جدائی کے بعد، والدہ کی جدائی پھر اپنے اَباجان علی ؑ جدا ہوئے اس کے بعد اپنے بھائی حسن ؑ داغِ مفارقت دے گئے۔ چونکہ امام حسن علیہ السلام کا زمانہ بھی نہایت پر آشوب رہا ہے۔ بنو اُمیہ کے امیر، معاویہ نے سیاسی طور آپ علیہ السلام کو دبانا شروع کیا۔ (معاویہ نے زور و جبر اور لالچ و مکاری کے زریعے دیگر اصحاب سے بھی بیعت لینا شروع کیا تھا)۔ اور ساتھ ہی کچھ اپنے ناعاقبت اندیش آپ کو ستا رہے تھے، طعنے دے رہے ہیں۔ یہ غم اپنے بھائی کے جھیل رہی ہیں۔ بی بی زینب کو اس تمام غمناک اور کربناک حالات نے درد و غم سے بھر دیا۔ بی بی زینب ؑ حق و خیر کا ایک ایسا استعارہ ہیں جو تاقیامت صداقت و خیر اور حق کے پاسبانوں اور طرفداروں کو نہ صرف روحانی غذا عطا کرتی رہے گی بلکہ اُنھیں روشنی بخشتی رہے گی۔ امام عالی مقام حسین ؑ نے جب جانے کا ارادہ کیا اور نہیں چاہتے تھے آپ ؑ کے نانا جان محمد مصطفےٰ ﷺ کا آباد کیا ہوا شہر ویران ہو جائے۔ بی بی زینب ؑ آتی ہے اور اپنے بھائی حسین ؑ سے مخاطب ہو کر کہتی ہیں کہ کیا مجھے اپنے ہمراہ نہیں لے جاؤ گے۔ میں نے اپنی تمام عمر آپ کے ساتھ گذاری ہیں اور آج اکیلے دشمنوں کی طرف پیش قدمی کرنے جا رہے ہو اور آج اگر آپ کے ساتھ نہ گئی تو ساری عمر میں رنج و تکلیف میں رہوں گی کہ حسین ؑ کو میں نے تنہا چھوڑ دیا۔ اس کے بعد اپنے خاوند عبد اللہ بن جعفر ؓ کے پاس آئی جو بخار کی حالت میں کافی بیمار تھے۔۔ آپ سے کہتی ہے اپنے بھائی حسین ؑ کے ہمراہ جا رہی ہوں۔ عبد اللہ بن جعفر کہتے ہیں کہ میں کھڑا ہونے کے قابل بھی نہیں ہوں اور حالات مجھے خطرات سے پُر نظر آ رہے ہیں۔ بی بی فرماتی ہیں کہ میں نے پچپن سال حسین ؑ کے ساتھ گذارے ہیں اور اباجان علی ؑ نے مجھ سے شہادت کے وقت کہا تھا کہ زینب، تو حسین ؑ کی صرف بہن نہیں بلکہ اس کے لیے ماں کی طرح ہیں، تو پھر میں کیسے گوارا کروں کہ اپنے بھائی حسین ؑ کو جس کے لیے میں ماں کا درجی رکھتی ہوں، اکیلا چھوڑ دوں۔ عبد اللہ بن جعفر نے کہا، ٹھیک ہے لیکن عون اور محمد کو بھی اپنے ساتھ لے جانا۔ روایات میں اس کی کافی تفصیلات نقل ہوئی ہیں، جنھیں ایک طویل مقالے میں بیان کیا جاسکتا ہیں۔ بحر حال، جس خیمے میں بی بی زینب نے قیام کی تھا اور جس کی نگہبانی علمدار کربلا حضرت عباس ؑ علیہ السلام کر رہے تھے اور جب آپ ؑ کے بازو کٹ جاتے ہیں اور اہلِ بیت ایک ایک کر کے شہادت کا جام نوش کرتے ہیں اور حامیانِ حسین کٹنا شروع ہو جاتے ہیں اور اخیر میں چند ساتھی اور پاسبان رہتے ہیں۔ اسی مصیبت اور غم کے عالم میں، بی بی زینب اپنے خیمے سے باہر آتی ہیں اور اپنے دونوں بیٹوں، ایک کی عمر نو سال اور دوسرے کی دس سال تھی۔ اور دونوں کو چھوٹی چھوٹی زرہ پہنائی ہوئی تھی اور تلواریں اُن کے ننھے ہاتھوں میں تھمائی تھی اور حسین ؑ کے خیمے لے جاتی ہیں اور فرماتی ہیں کہ اپنے نانا جان محمد مصطفیٰ ؐ سے سنا تھا کہ جب مصیبت کا وقت ہو تو اُس حال میں صدقہ کیا کرو، جس سے مصیبت ٹل جاتی ہے۔ لیکن یہاں ہم پہ ظالموں کے پہرے لگے ہیں پھر صدقہ کسے دے۔ کوئی حاجت مند بھی یہاں نہیں آسکے گا۔ تو انہی کو صدقہ کر لو حسین ؑ شاید تیری مصیبت ٹل جائے۔ امام عالی مقام حسین ؑ نے کہا میری بہن یہ ننھے نو دس سال کی عمر کے نہیں لڑ سکتے اور ان کے والد بھی یہاں نہیں ہے۔ زینب الکبریٰ کی صالح تربیت کا نتیجہ یہ تھا کہا اِن دو ننھے بچوں نے عمر بن سعد سے کہا جس نے ان ننھے نورانی بچوں، عون و محمد کو بہلانے اور پھسلانے کی ناپاک سعی کی لیکن اِن دونوں نے کہا ہم جیسے ہزار بھی حسین ؑ پر قربان ہونے کے لیے تیار ہیں۔ ان دشوار ترین حالات میں جب ہر طرف سے بنو امیہ کے ظالموں اور مکاروں کی طرف تیر برسائے جا رہے تھے۔ جب ظلم کے پہاڑ توڑے جا رہے تھے۔ بس امام عالی مقام حسین ؑ رہ گئے اور بی بی زینب رہ گئی۔ نیزے حسین ؑ کے سینہ مبارک میں لگتے ہیں۔ سارا بدنِ مبارک خون آلودہ ہیں۔ بی بی زینب ؑ اپنے مقدس ہاتھوں سے اپنے بھائی کے بچے ہوئے جسم مبارک کو اُٹھاتی ہیں اور کہتی ہیں ''رَبنا تقبّل مِنا ھٰذا القُربان '' یا اللہ ہماری یہ قربانی اپنی بارگاہ میں قبول فرما۔ تاریخ انسانی اس جیسی عظیم المرتبت قد آور، مثالی، مقدس اور نورانی خاتون کی مثال لانے سے قاصر نظر آتی ہے۔ پوری انسانی تاریخ میں زینب الکبریٰ سلام علیھا جیسی کوئی دوسری مثال ملنا محال ہے۔ آپ سلام علیھا کی ثابت قدمی، استقامت، جرأت و حوصلہ اور صبر و ایقان نوعِ انسانی نہ صرف یاد رکھے گی بلکہ انسانیت کو بی بی زینب ؑ نے شرف و افتخار عطا کیا۔

بی بی زینب ؑ کن مصائب سے گذری، کن دشوار ترین حالات کا سامنا کیا اسے بیان کرتے ہوئے روح کانپ جاتی ہے۔ اور آنکھیں نم ہو جاتی ہیں۔ یقیناً اسے سمجھنا اور بیان کرنا آسان نہیں ہے۔ اس عظیم واقعے کا جو آلِ محمد ﷺ کے ساتھ پیش آیا کہیں اختتام نظر نہیں آتا۔ ابنِ اثیر الجزری اور طبری روایت کرتے ہیں کہ بی بی زینب ؑ ٹیلے کے اوپر آکر کھڑی ہوتی ہیں اور اپنا مقدس رُخ مدینے کی طرف کرتی ہیں اور کہتی ہیں ''یَا جَداہُ، یا رسول اللہ ، صَلِّی عَلَیْکَ مَلائکتُہ السَمَائِ ،ھَذا حُسَیْنُکَ مُرَمَّلَ بِا لدِّمَائِ ، مُقَطَّعَ الا عَضَائِ، مَسلُوبُ العِمَامَتہِ والردائِ ، وَبَنَاتَکَ سَبَایَا ،وَاِلَی اللہِ المُشتَکَی ، وَاِلَیکَ المَر جعُ۔''

اسی لئے قرآن کہتا ہیں اور یہ اصول واضح کرتا ہے کہ مقام اُن ہی کا عالی و بلند ہوگا جن کی جتنی بڑی آزمائش ہوگی۔ ''اُولٰئِکَ یُجزَون الغُرفَتہ بِمَا صَبَرُوْا فِیھا تَحِیّتً وَ سَلٰماً۔ ''اُنھیں اُن کے صبر کے بدلے جنت کے بالاخانے انعام ملے گے اور سلام کے ساتھ اُن کی وہاں پیشوائی ہوگی۔''

تو معلوم ہوا کہ ایک مستقل constant جدوجہد اور مقدس تحریک کا نام زینب الکبریٰ ہیں۔ خداوند کی مقدس اور مبارک آیت کا نام زینب الکبریٰ ہیں۔ صبر و استقامت کا نام زینب الکبریٰ ہے۔ صداقت و سچائی کی پیکر اور انسانی حقوق کی محافظہ کا نام زینب الکبریٰ ہیں۔ عدل و انصاف کی خاطر بلند ہونے والی اور اُٹھنے والی آواز کا نام زینب الکبریٰ ہیں۔ بنو امیہ کے مکر و فریب کے چہرے اور ڈھونگ کو بے نقاب کرنے والی، نوا کا نام زینب الکبریٰ ہیں۔

اَللّٰھُمَ صَلِّ عَلٰی مُحمد وَ عَلٰی اٰلِ محمَد

کربلا: حق کی صدا اور انسانیت کا سبق

سید ذوالفقار علی / وہاب پورہ (بڈگام) کشمیر

میدان کربلا میں خانوادہ نبوتؐ کے چشم و چراغ حضرت امام حسین علیہ السلام نے ۱۰ محرم الحرام ۶۱ ھ کے دن جو عظیم قربانی پیش کی، چودہ سو سال گزر جانے کے بعد بھی اس قربانی میں بہنے والے پاکیزہ خون کی خوشبو اطراف عالم میں پھیلتی جارہی ہے۔ شاید ہی دنیا کا کوئی ایسا خطہ ہو جس میں امام عالی مقام کے آزادی و حریت کے پیغام کی شمع روشن نہ ہو۔ کربلا کے حسین علیہ السلام نے انسان کو فاسق و فاجر اور ظالم حکمرانوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرنے کا سلیقہ سکھایا۔ امام حسین علیہ السلام کا قیام اور تحریک ہر مکتب فکر، مذہب وملت اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے انسانوں کے لئے یکساں رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے پاکیزہ خون کی حرارت سے معاشرے کی روح کو زندہ کیا۔ حقوق انسانی، ایثار، فداکاری، مساوات، اخوت، ہمدردی، اقدار انسانیت کے تمام نمونے آپ کو کربلا میں ملیں گے۔

اسلام چاہتا ہی ہے کہ امن و امان اور عدل وانصاف قائم رہے ظلم و ستم کا نام و نشان بھی باقی نہ رہے۔ حسین ابن علی علیہما السلام نے اپنے قیام کے ذریعہ پیغام دیا کہ اگر ظلم آشکار ہورہا ہو، ظالم، انسانیت کا خون چوس رہا ہو، لوگوں کے حقوق پامال ہورہے ہوں، کمزوروں کو دبایا جارہا ہو، زمام حکومت ایسے ہاتھوں میں ہو جہاں انسانیت پامال ہورہی ہو، اقتدار ان لوگوں کے ہاتھوں میں آجائے جو انسانیت کی خوبو بھی نہ رکھتے ہوں، کسی بھی انسان کی جان و مال ، عزت و آبرو محفوظ نہ ہو تو ایسی صورت میں ہر حق پسند انسان کا فریضہ ہے کہ ظلم کے خلاف اقدام کرے، ایسے مواقع پر خاموش رہ جانا اور کوئی بھی اقدام نہ کرنا ظالم کے ظلم میں شرکت کے مترادف ہے۔ لہٰذا حسین ابن علی علیہ السلام نے قیام کربلا کے ذریعہ یہ پیغام بھی دیا کہ ظلم کے خاتمے کے لئے جو کرسکتے ہو کرو، ظلم پر خاموشی و سکوت اختیار کرکے ظالم کو سہارا نہ دو اس لئے کہ اگر ایک طرف ظلم کرنا برا ہے تو دوسری طرف ظلم ہوتے دیکھ کر کوئی اقدام نہ کرنا بھی برا ہے۔ کربلا میں نواسہ رسولؐ نے اپنے رفقا کے ہمراہ سر کٹا کر مقدس لہو سے امت کے لئے نجات کی لکیر کھینچی۔ جس کو شاعر مشرق علامہ اقبال علیہ رحمہ نے نہایت ہی فصیح و بلیغ انداز میں بیان فرمایا:۔

نقش الا اللہ بر صحرا نوشت
سطر عنوان نجات ما نوشت
رمز قرآن از حسین آموختیم
ز آتش او شعلہ ہا اندوختیم
خون او تفسیر ایں اسرار کرد
ملت خوابیدہ را بیدار کرد
بہر حق در خاک و خوں غلطیدہ است
پس بنای لا الہ گردیدہ است

امام عالی مقامؑ نے کربلا کے ذریعے ایثار و قربانی اور اعلیٰ اخلاق و انسانی اقدار کو زندہ کیا۔ انقلاب کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کیا۔ مردہ ضمیروں کو جگا کر ان کے اندر ظالم و جابر کے خلاف نفرت کا جذبہ بیدار کیا۔ ظلمت و جہالت کے خلاف مزاحمت، مقاومت اور دفاع کا انداز سکھایا۔ اور بشریت کے لئے نجات کا راستہ مشخص کیا۔ کربلا کے خونین واقعہ کے بعد جس طرح شیر دل خاتون حضرت زینب سلام اللہ علیہا نے اس تحریک کو جلا بخشی وہ تاریخ کے اوراق میں سنہری حروف سے درج ہیں اور عالم بشریت کے لئے نمونہ عمل ہے۔

اگر بالفرض امام علیہ السلام سے بیعت کا مطالبہ نہ کیا جاتا تو کیا آپ خاموش اور ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہتے؟ نہیں ایسا ہرگز نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ امام علیہ السلام کا ارباب اقتدار سے اختلاف محض یزید کی بیعت تک محدود نہیں تھا۔ اگر ارباب اقتدار بیعت کے سلسلے میں خاموش بھی رہتے تو بھی امام علیہ السلام خاموش نہ رہتے، کیونکہ یزید اور بنوامیہ ظلم و ستم، معاشرتی برائیوں اور اسلامی احکام میں رد وبدل چاہتے تھے۔ یہ وہ بڑی برائیاں تھیں جن کی اصلاح امام اپنی شرعی ذمہ داری سمجھتے تھے۔

سید الشہداء علیہ السلام حاکم وقت کو ان صفات سے بے بہرہ دیکھتے ہیں، جن سے ایک مسلمان حکمران کو متصف ہونا چاہیے اور الہی نمائندہ کے طور پر اپنے آپ کو پیش کرنے والے کو مسترد کرتے ہیں۔ چنانچہ اپنے ایک خطبے میں فرماتے ہیں "اے لوگو! رسول خداؐ نے فرمایا! اگر کوئی شخص کسی ظالم حاکم کو دیکھے جو ظالم و ستمگر ہو کہ اللہ کے حرام کئے ہوئے کو حلال بنا رہا ہو، خدا سے کئے ہوئے عہد و پیمان توڑ رہا ہو، نبی خداؐ کی سنت کی مخالفت کرتا ہو اور اللہ کے بندوں کے ساتھ ظلم و ستم سے پیش آتا ہو اور (یہ شخص) ایسے حاکم کو دیکھنے کے باوجود اپنے عمل یا اپنے قول سے اس کی مخالفت نہ کرے تو اللہ کو حق ہے کہ اس (خاموش اور بے عمل) شخص کو اسی ظالم کے ہمراہ عذاب میں مبتلا کرے گا۔

پس عاشورہ سکھاتا ہے کہ احیائے اسلام اور بقائے انسانیت کے لیے قربانی دینی چاہیے۔ قرآن و سنت کی راہ میں جو چیزیں رکاوٹیں پیدا کر رہی ہیں ان سے پرہیز کرنا چاہیے۔ اس مقدس تحریک اور محترم انقلاب سے ہمیں یہ درس یہ ملتا ہے کہ حق و باطل کے میدان جنگ میں چھوٹے اور بڑے، مرد اور عورت، بوڑھے اور جوان، معزز اور عاجز، امام اور رعایا ایک ہی صف میں کھڑے ہو جائیں۔ یقیناً اسباق کربلا کسی قوم کو ذلت سے عزت کی طرف اٹھانے کے لیے کافی ہیں۔ یہی اسباق کفر اور تکبر کے سامنے شکست دے سکتے ہیں۔ پس نظام الہی کے خاطر ہر مرد حسینیؑ اور ہر عورت زینبیؑ کردار ادا کرے۔

فنا کی رہگزر پہ منزلِ بقا حُسینؑ ہے
یہی ہے قصہ مختصر، یزید تھا، حُسینؑ ہے

یہی واقعہ کربلا کا خاصہ ہے کہ روز عاشور احضرت امام عالی مقام حسین بن علی ابن ابی طالبؑ (ع) نے اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ ایک ایسا تاریخی انسان ساز انقلاب برپا کیا کہ بادشاہ وقت کے محل میں اتھل پتھل مچ گئی، وہ معیارات و حقائق جن پر وقت کی تیز رفتار آندھیوں نے پردہ ڈال دیا تھا، یک لخت ہٹ گیا۔

کربلا اس انقلاب کا نام ہے جو اپنے بعد رونما ہونے والے ہر انقلاب اور تحریک کا سرچشمہ ہے۔

جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے کہ کربلا کا اہم ترین درس شہادت، ایثار اور فداکاری ہے۔ امام حسین علیہ السلام نے فقط انسانیت کی بقا کی خاطر کربلا کے تپتے ریگزار میں اپنا بھرا گھر حتیٰ کہ اپنا ششماہی فرزند شہزادہ علی اصغرؑ بھی قربان کر دیا۔ ایثار، فداکاری، قربانی وغیرہ یہ وہ اعلیٰ انسانی صفات ہیں کہ اگر کسی معاشرہ یا قوم میں پیدا ہو جائیں تو وہ قوم یا معاشرہ کبھی بھی تاریخ کی اندھیری کوٹھریوں میں دفن نہیں ہو سکتا اور یہی وہ صفات ہیں جن کو امام حسین علیہ السلام نے ۶۱ھ میں بشریت کا خاصہ بنا دیا اور آج چودہ صدیاں گزر جانے کے بعد بھی واقعہ کربلا کی بازگشت چہار جانب سنائی دے رہی ہے۔

(جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقاً) ہی روز عاشور امام حسین علیہ السلام کا پیغام تھا۔

اگر تاریخ کے اوراق پر سرسری نظر بھی ڈالی جائے تو ایسی نہ جانے کتنی مثالیں مل جائیں گی جن کا سرچشمہ اور منبع واقعہ کربلا ہے۔ یہی کربلا کا ہدف بھی تھا کہ انسان بیدار ہو جائے، مظلوم، ظالم کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال اسے للکارے، ذلت کی زندگی کے بجائے عزت کے ساتھ مر جانے کو ترجیح دے۔ فداکاری، ایثار و قربانی جیسے جذبوں کو اپنے اندر پیدا کرے، پھر فتح اس کی ہوگی جو ان صفات کا حامل ہوگا۔ ظالم یعنی باطل کو ایک نہ ایک دن ماضی کا حصہ بننا ہی ہوتا ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جو واقعہ کربلا ہمیں دیتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ تقریباً ڈیڑھ ہزار برس گزر جانے کے باوجود کربلا آج بھی زندہ ہے اور اس وقت تک رہے گی جب تک اس پیغام کو سننے والے باقی رہیں گے۔ دروس کربلا اور حضرت امام حسینؑ کا مقام ابدی ہیں یہ تاریکیوں میں ہر وقت حق کے متلاشیوں کو منور کریں گے:

حقیقت ابدی ہے مقام شبیریؑ
بدلتے رہتے ہیں انداز کوفی و شامی

علامہ نجم آفندی اپنے اشعار اس طرح بیان کرتے ہیں:

شہید ظلم کلیجے ہلا دیئے تو نے
حسینؑ درد کے دریا بہا دیئے تو نے
ہر ایک ذرّۂ بے حس میں اِک تڑپ بھر دی
دماغ وضع کیے دل بنا دیئے تو نے

اللہ تعالیٰ ہمیں حقیقی معنوں میں کربلا سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

فرقان کی آیات ہیں کربلا
نہج البلاغہ کے کلمات ہیں کربلا
نہ گم ہو جا جہل کی تاریکیوں میں
صحیفہ کاملہ کی دعا ہیں کربلا

درس انسانیت ہے کربلا
اسلام کی شان ہے کربلا
یہ اپنے دور کے مورخ سے پوچھ
حق کی ترجمانی ہے کربلا
والسلام علیکم ورحمۃ اللہ

امام حسین علیہ السلام: ماضی کی یاد نہیں بلکہ مستقبل کی امید



مولانا سید حسن علی کاظمی (قم المقدس)

امام حسین علیہ السلام، نورِ نبوت کے اُس چراغ کا نام ہے جس کی لو، ہدایتِ عالم کے لیے ہمیشہ فروزاں رہی۔ آپؑ کی ولادت مدینۂ منورہ میں سن ۴ ہجری کو ہوئی۔ نواسۂ رسولؐ، فرزندِ بتولؑ اور وارثِ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام ہونے کے ناطے آپؑ کی تربیت ایسی پاکیزہ آغوش میں ہوئی جہاں جبرائیلؑ وحی لے کر آئے۔

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا ۔[1]

ترجمہ: اللہ کا ارادہ بس یہی ہے ہر طرح کی ناپاکی کو اہل بیت! آپ سے دور رکھے اور آپ کو ایسے پاکیزہ رکھے جیسے پاکیزہ رکھنے کا حق ہے۔

یہ آیت آپؑ کی عصمت اور روحانی طہارت کی بیّن دلیل ہے۔

سیرتِ امام حسینؑ ایک ایسا آئینہ ہے جو عبد سے معبود تک کے سفر کی تجلیات سے منور ہے۔ آپؑ نے پوری زندگی صبر، حلم، عبادت، شجاعت، اور بصیرت کا مظاہرہ کیا۔ امام حسینؑ کی عرفانی روح اُن کی دعاؤں، مناجاتوں اور خاص طور پر دعائے عرفہ میں جلوہ گر ہے۔ اس دعا میں امام حسینؑ نہ صرف اپنے رب سے عشق کا اظہار کرتے ہیں بلکہ عالمِ ہستی کی وحدت و حقیقت کو بھی بیان کرتے ہیں۔

كَيْفَ يُسْتَدَلُّ عَلَيْكَ بِمَا هُوَ فِي وُجُودِهِ مُفْتَقِرٌ إِلَيْكَ ۔[2]

(تجھ پر اس چیز سے کیسے استدلال کیا جائے جو اپنی ذات میں تیری محتاج ہے)

یہ الفاظ امامؑ کی گہری توحیدی معرفت کی گواہی ہیں۔ امام حسینؑ ایک ایسے امام ہیں جن کی ذات عشقِ حقیقی کا مرکز ہے، جو عبدیت کے بلند مقام پر فائز ہیں، اور جن کا ہر عمل فنا فی اللہ کی تصویر ہے۔

چونکہ امام حسین علیہ السلام کے فضائل کا احصا ممکن نہیں اسی لئے چند ایک نکات صرف تبرکاً عرض کرتا چلوں۔

امام حسینؑ پر خداوند کے عطا کردہ الطافِ خاص:

یہ موضوع، اس حقیقتِ تابناک کا آئینہ دار ہے کہ پروردگارِ عالم نے امام حسینؑ کو اپنے جمالی و جلالی صفات میں سے بعض نمونے بطور عنایت عطا فرمائے اور ان کی ذاتِ اقدس کو جلوہ گاہِ اسماءِ حسنٰی قرار دیا۔ وہ اسماءِ الٰہیہ جن کا ظہور امام حسینؑ کی حیات اور مصیبتوں میں جھلکتا ہے۔

۱) تسبیحِ کائنات اور حسینؑ کا ماتم:

ارشادِ ربانی ہے:

وَإِنْ مِّنْ شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ [3]

ترجمہ: یعنی کوئی چیز ایسی نہیں مگر یہ کہ وہ اللہ کی تسبیح و حمد میں مشغول ہے۔

یہ آیت پانچ مفاہیم کی حامل ہے۔ بے شک، خداوند نے اپنی اس صفت کا جلوہ حسینؑ میں بھی ظاہر کیا ہے۔ کیونکہ کائنات کی ہر مخلوق آپؑ کی مصیبت پر گریہ کرتی ہے، اگرچہ ہم ان کا گریہ محسوس نہیں کرتے۔ گریہ صرف آنسو بہانے کا نام نہیں، بلکہ ہر مخلوق اپنے حال کے مطابق امامؑ پر ماتم کرتی ہے۔

روایات میں آیا ہے کہ:

آسمان کا گریہ یہ تھا کہ خون کے قطرے برسائے، [4]

زمین کا گریہ یہ تھا کہ جہاں کوئی پتھر اٹھایا جاتا وہاں سے خون ابلتا تھا، مچھلیوں کا گریہ یہ تھا کہ وہ پانی سے باہر نکل آتی تھیں، [5]

ہوا کا گریہ تیرگی و تاریکی تھا، [6]

سورج کا گریہ اس کا گہن لگنا تھا، چاند کا گریہ اس کا خسوف تھا۔ [7]

۲) فطرتِ سلیم اور دلوں کی امام حسین علیہ السلام کی طرف کشش:

ایک اور صفتِ خداوندی یہ ہے کہ ہر مخلوق کی فطرت میں خالقِ حکیم کے وجود کا اعتراف پایا جاتا ہے۔ جیسا کہ قرآن فرماتا ہے:

فِطْرَةَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۔[8]

یعنی اللہ کی اس فطرت کی طرف جس پر اس نے انسانوں کو پیدا کیا۔

تمام ادیان کے پیروکار حتیٰ کہ بت پرست بھی خالق کے وجود کے قائل ہیں۔ اور منکرین بھی دل میں اللہ کے وجود کو مانتے ہیں، اگرچہ زبان سے انکار کریں۔

اسی فطری جذبے کی ایک تجلی حسینؑ کی ذات میں بھی ہے، کیونکہ آپؑ کی مصیبت پر ہر دل سوگوار ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ لوگ جو آپؑ کو

پہچانتے بھی نہیں، ان کے دل بھی آپؑ پر رو پڑتے ہیں۔

بعض ہندو جو اسلام کے مخالف ہیں، وہ بھی امام حسینؑ کے لیے مجالس عزا منعقد کرتے ہیں۔

حسینؑ سے یہ وابستگی یہاں تک ہے کہ آپؑ کے دشمن بھی آپؑ پر گریہ کرتے تھے۔

عمر بن سعد جو یزید کی سپاہ کا سیاہ دل کمانڈر تھا، جب امامؑ کے قتل کا حکم دے چکا تھا، حضرت زینبؑ کے دلخراش کلمات سن کر رو پڑا۔ [9]

وہ بد بخت جو امامؑ کی بیٹی فاطمہ کے گوشوارے لوٹ رہا تھا، وہ بھی رونے لگا۔ [10]

دیگر قاتلانِ حسینؑ بھی بعد میں گریہ کرتے رہے۔ [11]

لیکن ایک شخص ایسا تھا جس کے بارے میں مصیبت حسینؑ پر کوئی رونا یا رقت دل میں نہ پایا گیا، اور وہ تھا: ابن زیاد خدا کی لعنت ہو اس پر۔

البتہ صرف ایک موقع ایسا آیا جب وہ متاثر ہوا: جب امام سجادؑ کے قتل کا حکم دیا، اور حضرت زینب سلام اللہ علیہا نے انہیں گلے لگا کر فرمایا۔

اگر تم اسے قتل کرو گے تو پہلے مجھے قتل کرو۔

تب ابن زیاد کی حالت بدل گئی اور کہا

اسے چھوڑ دو، جیسا کہ میں دیکھ رہا ہوں یہ ویسے ہی اپنی بیماری کی شدت سے مر جائے گا۔

۳) بے نظیر مصائب اور تفضیل ناممکن:

صفاتِ خداوندی میں افعل التفضیل (یعنی سب سے زیادہ، اعلیٰ ترین) حقیقی طور پر جاری نہیں ہوتی، اگرچہ ظاہری الفاظ میں استعمال ہو، جیسا کہ دعائے سحر میں ہے۔

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ بَهَائِكَ بِأَبْهَاهُ وَكُلُّ بَهَائِكَ بَهِيٌّ ۔

یعنی۔ اے اللہ! میں تجھ سے تیرے سب سے زیادہ پر جمال جمال کا سوال کرتا ہوں، حالانکہ تیرے سب جمال پر جمال ہیں۔

اسی طرح خدا کے اسماء میں بھی کوئی ایک دوسرے پر افضل نہیں، سب عظیم اور مقدس ہیں۔

امام حسینؑ میں بھی یہ صفت جلوہ گر ہے کہ آپؑ کی تمام مصیبتیں یکساں عظیم اور دل سوز ہیں۔

اگر تم چھوٹی سی مصیبت پر غور کرو تو وہ بھی سب سے بڑی نظر آتی ہے۔

اور اگر تم آسان ترین مصیبت کو دیکھو تو وہ بھی دل ہلا دینے والی لگتی ہے۔

گویا ہر مصیبت، حسینؑ کی عظمت میں بے مثل ہے۔

۴) فیضِ عام و متنوع ذریعہ نجات:

اللہ تعالیٰ نے بندوں کی مغفرت، قرب اور رضا کے لیے مختلف راہیں کھولی ہیں۔

ہر عبادت کے لیے بھی متبادل، کفارہ یا نیابت کے ذریعے فیض کا دروازہ رکھا ہے تاکہ کوئی محروم نہ رہے۔

اسی طرح، حسینؑ بھی فیض الٰہی کا ایک وسیلہ ہیں، جن سے ہر حالت کے انسان فائدہ حاصل کر سکتے ہیں:

- ان کی زیارت کا اجر مقرر ہے۔ اگر کوئی خود نہ جا سکے تو کسی کو نیابت میں بھیج دے۔
- اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو دور سے سلام کرنا بھی باعثِ اجر ہے۔
- گریہ کی فضیلت بھی بے پناہ ہے۔

اسی لیے خدا نے حسینؑ کی مصیبتوں کو مختلف شکلیں دی ہیں تاکہ ہر دل، ہر کیفیت، کسی نہ کسی مصیبت سے متاثر ہو۔

- کوئی تنہائی پر غمزدہ ہوتا ہے،
- کوئی پیاس پر،
- کوئی زخمی بدن پر،
- کوئی ایسے بدن پر جو دوبارہ زخمی ہو،
- اور کوئی ایسے بدن پر جو زخمی ہو کر گھوڑوں کے سموں تلے آ چکا ہو۔

ان مصیبتوں کا شمار نہیں۔

اور اگر ان میں سے ہر ایک کو دیکھو اور سب سے بڑی، پھر ان میں سب سے جانکاہ مصیبت کو تلاش کرو، تب دیکھو گے کہ حسینؑ کی ہر مصیبت دل شکن ہے۔

۵) صفات بے مثال و مخصوص:

جس طرح اللہ کی صفات میں اس کا کوئی شریک نہیں، ویسے ہی حسینؑ کو بعض ایسے اوصاف عطا ہوئے جو ان کے سوا کسی کے حصہ میں نہیں آئے۔

یہ حسینؑ ہی ہیں جنہیں "قتیل العبرۃ" کہا گیا — ایسا شہید کہ ہر مؤمن ان کے ذکر پر اشکبار ہو جاتا ہے۔

یہ محبت عام نہیں، بلکہ خاص الخاص ہے۔ یہ عشق ایک اسرارِ الٰہی ہے جو مؤمن کے دل میں دفن ہے۔

۶) محبت امام حسین علیہ السلام ایک راز ربانی:

اللہ سے محبت کسی بھی عاشقانہ محبت کے مشابہ نہیں۔

حسینؑ کی محبت بھی ایسی ہی ہے جو کسی بھی اور محبت سے جدا ہے۔

جیسا کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا:

۱. اِنَّ لِلْحُسَيْنِ مَحَبَّةً مَكْنُونَةً فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ۔ [12]

یعنی حسینؑ کی محبت مؤمنوں کے دلوں کی گہرائیوں میں پوشیدہ ہے۔

یہ حدیث اس وقت بیان ہوئی جب:

نبی اکرم صلی اللہ وآلہ وسلّم نے حضرت حسنین علیہما السلام کو باغ میں سویا ہوا پایا۔

- آپؐ نے پہلے امام حسینؑ کو چوم کر جگایا۔
- مقداد نے عرض کیا گویا امام حسین علیہ السلام بڑے بھائی ہیں کہ پہلے ان کو جگایا
- نبیؐ نے فرمایا: محبتِ حسین دلوں کی گہرائی میں پوشیدہ ہے۔

اگرچہ بھائی امام حسن علیہ السلام فضیلت میں ہم پلہ یا بڑے ہوں، مگر محبتِ امام حسین علیہ السلام کا انداز جدا ہے۔

یہ محبت مقام و مرتبہ کے لحاظ سے نہیں، بلکہ کیفیت اور تاثیر کے اعتبار سے ہے۔

اس محبت کے آثار:

- ہر مؤمن کا دل زیارت حسینؑ کی تمنا میں رہتا ہے۔
- جب حسینؑ کا ذکر ہو تو دل غمگین ہوتا ہے۔
- جب کوئی زیارت سے واپس آئے یا کربلا کی تیاری کرے، دلوں کی حالت بدل جاتی ہے۔
- کربلا کے زائر کو صرف زائرِ حسینؑ کہا جاتا ہے، چاہے دیگر اماموں کی زیارت بھی کر آیا ہو۔
- امام علیؑ نے فرمایا: "یا عَبْرَةَ كُلِّ مُؤْمِنٍ" اے ہر مؤمن کی آنکھوں کے آنسو
- اور امام حسینؑ نے فرمایا:

أَنَا قَتِيلُ العَبرَةِ، لا يَذكُرُني مُؤمِنٌ إلّا استَعبَرَ ۔ [13]

میں شہید اشک ہوں، کوئی مؤمن مجھے یاد نہیں کرتا مگر یہ کہ وہ رو پڑتا ہے۔

محرم شروع ہوتے ہی دلوں پر غم چھا جاتا ہے۔

امامؑ کی مصیبت جتنی بار بیان ہو، دل کبھی اُکتا نہیں جاتا۔

بلکہ جب کوئی مؤمن امامؑ کی تشنہ لبی، زخمی پیکر اور تنہائی کا ذکر سنتا ہے تو ہر بار آہ و بکا بلند ہوتی ہے۔

امام حسین علیہ السلام کی عظمت کا مطالعہ کرنے کے بعد اب آتے ہیں اس مہینہ کی اہمیت کی طرف جسکا انتظار ہر سال مومنین کو رہتا ہے، یعنی ماہ محرم الحرام۔

محرم: فطرت کی فریاد

محرم الحرام، اسلامی تاریخ کا وہ بابِ پُر سوز ہے جس میں انسانیت کی بقا، دین کی سلامتی، اور فطرت کی فریاد ایک ہی وقت میں نوحہ گر نظر آتی ہے۔ یہ مہینہ فقط اسلامی سال کا آغاز نہیں بلکہ ضمیرِ انسانی کی بیداری کا نقطۂ آغاز ہے، وہ آغاز جو کربلا کے ریگزار پر امام حسین علیہ السلام کے لہو سے سینچا گیا۔ امام حسینؑ، فقط ایک مظلوم شہید کا نام نہیں، بلکہ ایک نور ہے، ایک عرفان ہے، ایک مقامِ تسلیم ہے اور ایک زندہ و جاوید صدائے "لا" ہے، جو ہر دور کے یزیدی نظام کے خلاف گونجتی رہتی ہے۔

کربلا تجلیِ اسماءِ الٰہی:

کربلا فقط خون و خاک کا منظر نہیں بلکہ صفاتِ الٰہیہ کا مظہر ہے۔ جہاں صبر، رضا، شجاعت، کرامت، توکل اور تسلیم جیسی صفات بامِ عروج پر پہنچتی ہیں۔ فلسفۂ شہادتِ امام حسینؑ فقط فزیکی جد و جہد نہیں، بلکہ روحانی ارتقاء کی معراج ہے۔

قرآن کہتا ہے.

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ (آل عمران:١٦٩)۔

حسینؑ کی شہادت، حیاتِ جاوید کا استعارہ ہے۔ وہ زندگی جو نہ صرف خود زندہ ہے بلکہ دوسروں کو زندہ کرتی ہے۔

محرم الحرام ماہِ عزاء یا موسمِ بیداری:

محرم الحرام کا پیغام صرف آنسو اور نوحہ نہیں بلکہ عرفان، احتجاج، بیداری اور قیام ہے۔ امام حسینؑ کے عزادار جب گریہ کرتے ہیں تو وہ دراصل اپنے دل کو ظلم سے نفرت، حق کی محبت، اور معرفتِ الٰہی سے سرشار کرتے ہیں۔

محرم ہمیں دعوت دیتا ہے کہ کیا ہم فقط ماتم گزار ہیں یا حسینی کردار کے وارث۔

یہ مہینہ ہر فرد کو چھیلناڑتا ہے کہ وہ یزید وقت کے خلاف قیام کرے، چاہے وہ نفس کی یزیدیت ہو یا نظام کی۔

مقاومتِ حسینؑ ایک عرفانی سورہ:

کربلا، امام حسینؑ کی زبان سے نکلا ہوا ایک سورہ ہے، جس کی ہر آیت، ہر لفظ، ہر قدم ایک مستقل پیغام رکھتا ہے۔ وہ سورہ جو ظلم کے خلاف قیامت تک پڑھا جائے گا۔ اس سورہ کی آیات درج ذیل ہیں:

- امام سجاد کی فصاحت و بلاغت
- زینبؑ کا ثبات،
- حضرت عباسؑ کی وفاداری،
- علی اکبرؑ کی فداکاری،
- قاسمؑ کا یقین،
- سکینہؑ کا صبر،

یہ سورہ انسان کو بتاتا ہے کہ حق پر رہنے کے لیے تنہا ہونا پڑے تو بھی پیچھے نہ ہٹو، جیسا کہ قرآن کہتا ہے:

قُلْ إِنَّمَا أَعِظُكُم بِوَاحِدَةٍ أَن تَقُومُوا لِلَّهِ مَثْنَىٰ وَفُرَادَىٰ (سبأ:٤٦)

کہہ دیجئے: میں تمہیں ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ تم اللہ کے لیے اٹھ کھڑے ہو۔

محرم اور عصرِ حاضر کے تقاضے:

دنیا آج جس حال میں ہے، وہاں ہر طرف ظلم، جبر، ناانصافی، فکری الجھن، روحانی خلا، اور اخلاقی زوال کا راج ہے۔ طاقتور کمزور کو دبا رہا ہے، سرمایہ دار غریب کا خون چوس رہا ہے، اور ضمیر سو چکے ہیں۔ ایسے میں محرم الحرام صرف ایک تاریخی یاد نہیں بلکہ ایک زندہ پیغام ہے ایسا پیغام جو ہر باضمیر انسان کے لیے بیداری کی صدا ہے۔

محرم ہمیں کیا سکھاتا ہے:

۱. ظلم کے خلاف آواز بلند کرنا

کربلا ہمیں بتاتی ہے کہ اگر یزید جیسے باطل قوتیں اقتدار پر قابض ہوں، تو خاموشی جرم ہے۔ امام حسینؑ نے فرمایا تھا

أَنِّي لَمْ أَخْرُجْ أَشِراً وَلَا بَطِراً وَلَا مُفْسِداً وَلَا ظَالِماً وَإِنَّمَا خَرَجْتُ لِطَلَبِ الْإِصْلَاحِ فِي أُمَّةِ جَدِّي۔ [۴]

میں نہ تو خودپسندی کے لیے نکلا ہوں، نہ غرور و فخر کے لیے؛ نہ فساد پھیلانے کے لیے اور نہ ظلم کرنے کے لیے۔ میں تو صرف اپنے نانا کی امت کی اصلاح کے لیے نکلا ہوں۔

۲. دین کو دنیا پر ترجیح دینا

امام حسینؑ نے ہمیں سکھایا کہ اگر دین خطرے میں ہو تو دنیا کی ہر چیز قربان کی جا سکتی ہے۔ آپؑ نے نہ صرف اپنی جان بلکہ اپنے اہلِ بیت اور اصحاب کی قربانی دے کر یہ بتا دیا کہ دین کے لیے جینا اور مرنا ہی حقیقی حیات ہے۔

۳. نفس کی غلامی سے آزادی

کربلا میں یزید صرف ایک شخص نہیں بلکہ نفسِ امّارہ کی علامت تھا وہ نفس جو انسان کو گمراہی کی طرف لے جائے۔ امام حسینؑ کا قیام دراصل نفس کی غلامی کے خلاف بغاوت ہے۔ کربلا ہر انسان کو دعوت دیتی ہے کہ وہ اپنے باطن کا یزید پہچانے اور اس پر حسینؑ کی طرح قیام کرے۔

۴. معرفتِ امام

صرف ظاہری ماتم کافی نہیں، بلکہ امام حسینؑ کی معرفت، ان کے مشن کو سمجھنا، اور اپنی زندگی میں ان کی سیرت کو اپنانا اصل مقصود ہے۔ معرفتِ امام کے بغیر نہ دین مکمل ہے، نہ نجات ممکن۔

امام حسینؑ ماضی نہیں، بلکہ مستقبل کی امید ہیں:

امام حسینؑ صرف ایک تاریخی شخصیت نہیں کہ جنہیں صرف یاد کیا جائے، بلکہ وہ ہر دور کے زندہ ضمیر کی علامت ہیں۔ وہ مظلوم کی امید، حق پرست کی روشنی، اور باطل شکن کردار کی تجسیم ہیں۔ وہ آج بھی مظلوم فلسطین میں، کشمیر میں، یمن و عراق میں، ہر اس جگہ پر موجود ہیں جہاں انسانیت سسک رہی ہے۔

وہ صرف تاریخ کا باب نہیں، مستقبل کی پیشانی پر لکھا ہوا نام ہیں۔

فلسفیانہ تجزیہ شہادت کا مفہوم:

فلسفۂ شہادت: شہادت صرف جسم کی موت نہیں، یہ روح کی بیداری ہے۔ امام حسینؑ کی شہادت نے یہ ثابت کر دیا کہ حقیقی زندگی وہی ہے جو اصول، صداقت اور وفا پر قربان ہو جائے۔ کربلا ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اگر باطل غالب ہو تو خاموشی موت ہے، اور اگر حق کے لیے جان دے دی جائے تو وہی ابدی زندگی ہے۔

انا، خودی اور طاغوت سے جنگ: انسان کی سب سے بڑی لڑائی باہر کے دشمن سے نہیں بلکہ اندر کے نفس، غرور اور خود غرضی سے ہے۔ امام حسینؑ کی قربانی ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ جب تک انسان اپنے باطن کے یزید کو قتل نہیں کرتا، وہ حقیقت کے حسینؑ تک نہیں پہنچ سکتا۔

دو قوتوں کا ازلی تصادم: ایک فلسفیانہ مطالعہ:

انسانی تاریخ، محض بادشاہوں کی جنگ، حکومتوں کی تبدیلی یا تہذیبوں کے عروج و زوال کا نام نہیں۔ بلکہ تاریخ کا حقیقی متن "حق و باطل"، "عدل و ظلم" اور "روح و مادہ" کے درمیان مسلسل جدوجہد کا آئینہ ہے۔

علامہ اقبالؒ نے جب یہ کہا [۱۵]:

موسی و فرعون و شبیر و یزید

این دو قوت از حیات آید پدید

تو وہ ہمیں بتا رہے تھے کہ یہ شخصیات صرف تاریخی افراد نہیں، بلکہ دو دائمی اصول (eternal archetypes) ہیں۔

ایک وہ جو باطنِ انسان کو غلامی، خود پرستی، جبر اور مادہ پرستی میں جھونک دیتی ہے یعنی فرعونیت اور یزیدیت

اور دوسری وہ جو انسان کو فطری آزادی، عدل، صداقت، قربانی اور توحید کے نور سے زندہ رکھتی ہے. یعنی موسویت اور حسینیت

یہ دو قوتیں ہر لمحہ ہر انسان کے باطن میں اور سماج کے ہر ڈھانچے میں برسرِپیکار رہتی ہیں

محرم وقت سے ماورا احتجاج:

محرم محض اسلامی کیلنڈر کا ایک مہینہ نہیں، بلکہ تاریخِ انسانی کے ضمیر کی بیداری کا نام ہے۔ یہ زمان و مکان کی قیود سے آزاد ایک صدا ہے، جو ہر دور کے انسان کو چیلنا ڑتی ہے کہ اے انسان! تو کب تک مصلحت، خوف اور خاموشی کے نقاب اوڑھے رہے گا کیا تو جانتا ہے کہ یزید صرف تلوار یا تاج کا نام نہیں، بلکہ وہ ہر وہ نظام ہے جو حق کو دباتا ہے۔ امام حسینؑ کا قیام صرف سیاسی یا شخصی احتجاج نہیں تھا بلکہ ایک ماورائی، الٰہی اور آفاقی موقف تھا۔ یہ وہ مقاومت ہے جو انسان کو باطنی یزید سے لڑنا سکھاتی ہے، جو نفس، حرص، خوف، غفلت اور ظاہر بینی کی صورت میں ہر دور میں زندہ ہوتا ہے۔

حسینؑ: حق کی لایموت صدا

حسینؑ فقط ایک مظلوم امام نہیں، بلکہ صداقت کا زندہ استعارہ ہیں۔

ان کا انکار، ان کی قربانی، ان کا استقامت پر اصرار ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ انسان وہی ہے جو حقیقت پر قائم رہے، خواہ کتنا ہی اکیلا ہو، اور باطل وہی ہے جو چاہے کتنا ہی طاقتور ہو، مگر صداقت سے عاری ہو تو فنا کے دہانے پر ہے۔

امام حسینؑ کی قربانی، روحِ انسانی کی بقا کا سامان ہے۔ ان کی شہادت نے ہمیں سکھایا کہ

طاقت کی حاکمیت کو نہیں کہنا ممکن ہے۔

- حق پر قربان ہونا، فنا نہیں بلکہ حیاتِ جاوداں ہے
- خاموشی اور مصلحت پر مبنی زندگی، ذلت ہے
- اور ظلم کے سامنے ڈٹ جانا، عبادت ہے

محرم اور عصرِ حاضر آج کے دور میں:

- جب فسطائیت، نسل پرستی، سرمایہ داری اور میڈیا کی آمریت انسان کو غلام بنا چکی ہے۔
- جب فکر کو مسخ، ضمیر کو مفلوج، اور ایمان کو مصلحت کا شکار بنا دیا گیا ہے
- جب فلسطین سے لے کر شام، عراق سے یمن، اور غزہ سے بحرین تک مظلوم انسانیت فریاد کر رہی ہے

تو محرم کی صدا بلند ہوتی ہے

کربلا پھر زندہ ہے

یزید پھر تخت پر ہے

کیا تم بھی پھر امام حسینؑ کے خاموش تماشائی بنو گے؟؟

ہر انسان کو، ہر قوم کو، ہر دانشور، ہر عالم، ہر نوجوان کو یہ سوال پوچھنا ہو گا۔

- میں کس طرف کھڑا ہوں؟
- میرے قلم، میری زبان، میری زندگی کس نظام کی نمائندگی کر رہی ہے؟
- کیا میں خاموش رہ کر یزیدیت کا غیر شعوری مددگار بن چکا ہوں؟
- یا میں حسینؑ کے قافلے کا راہی ہوں، جسے اگرچہ پیاس لگی ہے، مگر وہ گردن نہیں جھکاتا؟

یہی محرم کا تقاضا ہے؛

- خود کو پہچاننا
- امام کو پہچاننا
- زمانے کی یزیدیت کو پہچاننا
- اور حق کے ساتھ بیداری، بصیرت، اور قربانی کے ساتھ کھڑا ہو جانا۔

درحقیقت ماہ محرم الحرام کا سب سے بڑا مقصد یہی ہے جسے ہم آہستہ آہستہ بھولتے جا رہے ہیں، واقعاً ہمیں سوچنا ہو گا فکر کرنا ہو گی ہم کہاں ہیں آج کس جانب کھڑے ہیں کس کے مددگار ہیں اور کس کے پیروکار ہیں۔؟؟

مآخذ:

۱. سورہ احزاب آیت ۳۳

۲. دعای عرفہ

۳. سورہ آسرا آیت ۴۴

۴. صدوق، محمد بن علی، عیون اخبار الرضا، ج ۲، ص ۲۶۸

۵. ابن حجر، احمد، تہذیب التہذیب، ج ۲، ص ۳۵۴

۶. محمدی ری شہری، محمد، دانشنامہ امام حسین (علیہ السلام) بر پایہ قرآن، حدیث و تاریخ

۷. محمدی ری شہری، محمد، دانشنامہ امام حسین (علیہ السلام) بر پایہ قرآن، حدیث و تاریخ، ج ۷، ص ۳۴۶

۸. سورہ الروم آیت ۳۰

۹. خصائص الحسینیہ، الشیخ جعفر شوستری۔ چاپ فارسی

۱۰. خصائص الحسینیہ، الشیخ جعفر شوستری۔ چاپ فارسی

۱۱. خصائص الحسینیہ، الشیخ جعفر شوستری۔ چاپ فارسی

۱۲. الحق المبین فی معرفة المعصومین علیهم السلام، الشیخ علی الکورانی العاملی: ۵۸۸؛ «والامام الحسین علیه السلام له جاذبیة خاصة فی القلوب بمجرد ذکر اسمه: إن للحسین محبة مکنونة فی قلوب المؤمنین»

۱۳. بحار الأنوار، ج ۴۴، ص ۲۸۴.

۱۴. بحار الانوار، ۴۴ جلد/ صفحہ ۳۲۹

۱۵. رمز بیخودی، اقبال لاہوری

کربلا کی انقلابی اور روحانی حیثیت

پیرزادہ شعیب اویسی

کربلا اور انقلاب" ایک نہایت اہم اور پر اثر موضوع ہے، جو تاریخ اسلام کے ایک عظیم واقعے "واقعہ کربلا" کو انقلابی سوچ، جدو جہد، اور ظلم کے خلاف قیام کے تناظر میں بیان کرتا ہے۔

کربلا کا واقعہ ۶۱ ہجری (۶۸۰ عیسوی) میں پیش آیا، جب نواسۂ رسول ﷺ امام حسین بن علیؑ نے یزید بن معاویہ کی بیعت سے انکار کر دیا۔ امام حسینؑ نے ظلم، جبر، اور فاسق حکومت کے خلاف کھڑے ہو کر تاریخ انسانیت میں ایک لازوال مثال قائم کی۔ قارئین کی خدمت میں واقعہ کربلا کے بعض پہلووں کی جانب توجہ دلانا چاہتا ہوں ہے:

کربلا لمحہ نہیں بلکہ ایک مسلسل پیغام ہے:

امام حسینؑ نے باطل کو تسلیم کرنے سے انکار کر کے ثابت کیا کہ حق کے لیے جان دینا بہتر ہے، مگر ظلم سے سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ امامؑ کا قیام محض سیاسی نہیں بلکہ ایک فکری اور اخلاقی بیداری تھی۔ انہوں نے امت کو جگانے کی کوشش کی کہ دین صرف عبادات نہیں، بلکہ عدل و انصاف کا نظام بھی ہے۔

شہادتِ حسینؑ نے دنیا کو یہ سکھایا کہ کبھی کبھی ایک مظلوم کا بہایا ہوا خون، پوری قوم کے لیے حیات یا زندگی بن جاتا ہے۔

کربلا کے انقلابی اثرات:

کربلا ناانصافی اور سرکشی کے خلاف امام حسین (ع) کے انکار کی طرح ڈٹ جانا سکھاتی ہے۔ امام حسین (ع) نے جب وقت کے یزید کے ظلم، زیادتی، اللہ اور اسکے رسول ﷺ کی نافرمانی کے خلاف قیام کیا اور بیعت دینے سے انکار کیا تو امام حسین نے اپنی تعداد نہیں دیکھی بلکہ اپنے ۷۲ یار و انصار و اہلبیت میں وہ شہادت کی آرزو دیکھی جو امام حسین (ع) کے نانا جان پیغمبر اکرم محمد مصطفی ﷺ نے بدر کے میدان میں دکھائی تھی جو خود میں ہی ایک انقلاب تھا آج اسی عظیم انسان کامل کا نواسہ اور حضرت علی (ع) کا لختِ جگر اسلام کو انقلاب کی روح پھونکنے اپنے اہل خانہ سمیت ۷۲ جانثاروں کے ساتھ کربلا کے میدان میں نانا کا دین پچانے نکلا ہے۔ کربلا کی انقلابی اثر اس بات سے بھی لگائی جاسکتی ہے کہ اس قدر ایک کثیر تعداد کی یزیدی فوج کے سامنے محض ۷۲ سپاہی اپنے اندر انقلاب کی گونج ہے۔ کربلا کے بعد اسلام کو نئی روح ملی، نئی حیات اور نئی پہچان ملی، لوگوں کو حق اور باطل کے درمیان تمیز ہوئی۔ امام حسینؓ کی شہادت نے ظلم کے خلاف لڑنے والوں کے دلوں کو جلا بخشی۔

عصر حاضر اور پیغامِ کربلا:

آج جب دنیا ظلم، استحصال، اور ناانصافی سے دوچار ہے، کربلا کا پیغام ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کربلا انقلاب کا نام اور نجات کا راستہ ہے۔

یہ واقعہ ہمیں دعوت دیتا ہے کہ ہم اپنے ضمیر کو زندہ رکھیں، باطل کے خلاف کھڑے ہوں، اور حق کا علم بلند کریں—چاہے اس کے لیے کوئی بھی قربانی کیوں نہ دینی پڑے۔

حق کے لیے قیام: امام حسینؓ کا انکارِ بیعت

حضرت امام حسینؓ نے یزید کی بیعت سے انکار کرتے ہوئے فرمایا

"مِثلی لایُبایِعُ مِثلَہ"

"مجھ جیسا شخص اس جیسے (فاسق و فاجر) کی بیعت نہیں کر سکتا۔"

یہ انکار محض سیاسی اختلاف نہیں بلکہ دین کی بقا اور اسلام کی روح کو بچانے کی ایک جدوجہد تھی۔

کربلا میں امام حسینؓ کے ساتھ ان کے خاندان کے کئی افراد، جن میں بھائی، بیٹے، بھتیجے اور دیگر عزیز و اقارب شامل تھے، نے پیاس، بھوک اور تلواروں کے سایہ میں حق پر ڈٹے رہتے ہوئے شہادت قبول کی۔ حضرت علی اکبرؓ، حضرت قاسمؓ، حضرت عباسؓ، اور چھ ماہ کے علی اصغرؓ کی قربانیاں رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی۔

کربلا میں آلِ رسول ﷺ کا کردار ہمیں سکھاتا ہے کہ دین کے اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہ کیا جائے، چاہے اس کے لیے جان دینی پڑے۔ حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں کی قربانی رہتی دنیا تک حق، صبر، اور استقلال کا استعارہ بنی رہے گی۔

کربلا کا روحانی پس منظر:

امام حسینؑ کا مقصد دنیاوی اقتدار حاصل کرنا نہ تھا، بلکہ ان کا سارا سفر خالصتاً رضائے الٰہی کے لیے تھا۔ انہوں نے فرمایا:

"اللّٰهم إنّي لا أعلم أهل بيت أبرّ ولا أزكى من أهل بيتي، ولا أصحاباً خيراً ولا أوفى من أصحابي..."

(اے اللہ! میں تجھے گواہ بناتا ہوں، میں نے اپنے اہل بیت سے بہتر، اور اپنے اصحاب سے وفادار تر کسی کو نہیں پایا۔)

یہ جملہ ظاہر کرتا ہے کہ امامؑ کا ہر عمل قربِ الٰہی کے لیے تھا۔

کربلا میں ہر شہید، خاص کر امام حسینؑ کی شخصیت، تسلیم و رضا کا پیکر ہے۔ شبِ عاشور کو امامؑ اور ان کے اصحاب کا نماز، دعا اور تلاوتِ قرآن میں مشغول رہنا اس بات کی دلیل ہے کہ ان کے دل خدا کی رضا میں راسخ تھے۔ امام حسین کے بس چاہنے سے نہر فرات امام حسین (ع) کے قدموں کا بوسہ لیتا اسکا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ فرات بار بار یہ عرض کرتا رہا کہ یا امام حسین کی آپ کا ایک حکم میں سیلاب بن کر ان یزیدیوں کو لے ڈوبوں گا لیکن امام حسین کے نانا جان آنحضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا وہ اللہ سے کیا ہوا وعدہ جس کو امام حسین (ع) پورا کرنے نکلے تھے۔

محبت اور قربانی کا اظہار:

کربلا کے دن، جب ہر طرف دشمن کا لشکر تھا اور موت کا سناٹا چھایا ہوا تھا، امام حسینؑ نے نماز ادا کی۔ یہ نماز محض فرائض کی ادائیگی نہیں بلکہ اپنے رب سے وہ محبت اور بندگی تھی جو جان سے بھی زیادہ عزیز تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اسے "نماز عشق" کہا جاتا ہے۔

یہ نماز امام حسینؑ اور ان کے اصحاب کے دلوں کی صدا تھی، جو اللہ کی ذات کے حضور قرب، شکر اور استغفار کے لیے قائم تھی۔ دشمنوں کے قدموں کی آہٹ اور تیر چلنے کے باوجود، امامؑ نے نماز سے کنارہ نہیں کیا۔

نماز کے دوران امام حسینؑ نے اللہ سے اپنی وفاداری، استقامت، اور نصرت کا طلب گار ہونا ظاہر کیا۔ انہوں نے اپنی جان کی قربانی کو عبادت اور عشقِ خدا کی عین تعبیر بنایا۔

نماز عشق نے کربلا کے میدان کو صرف جنگ کا منظر نہیں، بلکہ ایک عظیم عبادت گاہ میں بدل دیا جہاں خون بہانے کے باوجود، روحانی و عرفانی بلندیوں کو طے کیا گیا۔

یہ بس حضرت فاطمتہ زہرا (سلام اللہ علیہا) کی تربیت کربلا میں دکھ رہی تھی جہاں امام حُسین (ع) دشمنوں کو بھی پہلے دین حق کی دعوت دے رہے تھے۔ اور بلآخر حضرت زہرا (سلام اللہ علیہا) کے لخت جگر نے اپنے خون سے اسلام کی زمین کو زرخیز کر دیا۔

آج بھی ہم کربلا کا ذکر اس طریقے سے کرتے ہے جیسے کل ہی کربلا کا واقع رونما ہوا ہو۔ اس طریقے سے امام حُسین کا اور واقع کربلا کا ذکر قیامت کی صبح تک جاری رہے گا۔

سینے میں جسکے الفت آل عبا نہ ہو
مومنین کی صف میں وہ کبھی کھڑا نہ ہو
دنیا کی محبتیں قضا ہو جاے، غم نہیں
لیکن حُسین کی محبت کبھی قضا نہ ہو
اور کھلتا نہیں ہے اس پے درِ علم و قلم
جس کو نجف کے شاہ کی زوجہ کا رتبہ پتہ نہ ہو

میر حسین

یاد شہدائے کربلا.... یعنی کیا؟

یعنی ان غیر معمولی افراد بشر کی یاد تازہ کرنا جن کا نام ذہن میں گونجتے ہی دل خون کے آنسو رونے پر آمادہ ہوتا ہے کیونکہ شہداء پر ڈھائے گئے مظالم یقیناً انسانیت کی تاریخ پر تا قیام قیامت بھلائے نہیں جا سکتے۔

شہدا کی یاد تازہ کرنا یعنی کربلا میں کھینچی گئی حق اور باطل کے درمیان کی ابدی لکیر کو نئی نسل تک پہنچانے کے بہترین وسیلہ کو دوبارہ حیات بخشنا ہے کربلا ہر زمانے میں ہر اس شخص، نظام یا ادارہ کے خلاف قیام کا نام ہے جو خدا کے حلال کردہ امور کو حرام قرار دے اور حرام کی گئی چیزوں کو علی الاعلان انجام دینے سے گریز نہیں کرے، خواہ اس فرد یا نظام سے آپ کی کے جذبات یا روزی ہی کیوں نہ جڑی ہو۔

مختلف ذرائع کی وساطت سے عزاداری کی یاد منانا یعنی غافل اور غلامی کی زنجیر میں جکڑی قوموں کی رگوں میں تازہ ، پر جوش اور انقلابی فکر منتقل کر کے باطل اور نام نہاد اقتدار پرست حکمرانوں کے بنائے ہوئے فرسودہ نظام سے آزاد کرانا ہے۔

ہر سال یاد شہدائے کربلا ہمیں ایک سنہرا موقعہ فراہم کرتا ہے کہ موجودہ دور کا ظلم سمجھ کر ظالم کے خلاف مظلوم کی حمایت میں بر سرپیکار میدان میں آکر مظلوموں کو ظلم و ظالم سے چھٹکارا دلائیں چاہے اس راہ میں ہمیں عزیز ترین چیز، جان، مال اور دیگر اسباب قربان کیوں نہ کرنا پڑے۔

کربلا کے عظیم واقعہ کی تکرار یعنی ہر پامال اور پوشیدہ ہو رہے اقدار عاشورائی (صبر، وفا، اطاعت، فداکاری وغیرہ) کو موجودہ نئی نسلوں میں تعارف کرانا اور گزرتے نسلوں کو تذکرہ کے بطور پیش کرنا ہے تاکہ تا ابد انسانی، اسلامی اور الاہی اقدار کی بھرپور تشریع ہو تاکہ ہمارا سماج جنت کا نمونہ بن جائے۔

کربلا ہمیں بار بار درس اطاعت و امامت کی نسبت سمجھانے میں محو و مصروف ہے کہ کس طرح لافانی کامیابی کا راز امت کے امام کی اطاعت اور فرمانبرداری میں مضمر ہے۔ اگر زمانے میں غیر معصوم کی تقلید اور اطاعت سے حیران کن اور عقل کو دنگ کرنے والے نتائج بر آمد ہوتے ہیں تو امام وقت کی تابعداری اور حکم کی تعمیل سے معجزات و کرامات ہونے میں کوئی دورائے نہیں۔

یاد شہدا یعنی محرم الحرام کی تکرار سے ہم یقیناً فرزند عاشورا ہونے کے ناطے اپنے سماج میں کربلائی کرداروں کو جنم دینے چاہیے تاکہ طاغوت اور استکبار کسی زمانے میں سر کھڑا نہ کر سکیں اور اگر شیطانی طاقتیں وجود میں آ بھی جائیں تو ہمارے سماج سے حسینی طاقتیں مقابلے میں کھڑا ہونے کے لئے تیار ہوں بالکل اسی طرح جس طرح رہبر معظم دنیاوی شیطانی اور طاغوتی طاقتوں کو للکار رہے ہیں بالخصوص خباثت سے لبریز امریکی اور اسرائیلی حکمرانی۔

کربلا کی یاد یعنی سماج کے ہر عمر کے افراد کو ذمہ داری کے ساتھ زندگی گزارنے کا سلیقہ سکھانا اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے ذریعے دوسروں کو بھی قائل کرنا تاکہ ہر شخص بچہ ہو یا بوڑھا یا عورت اپنی جگہ ہدایت کا طالب بھی ہو اور ہادی بھی۔

کربلا کے شہداء کی بار بار تذکر کرنا یعنی سوئی ہوئی انسانیت کو خواب غفلت سے بیدار کرنا کہ زمانے میں عزت سے کیسے جیا جاسکتا ہے اور کیسے عزت کی جاویدانی کو ذلت کی زندگی پر غلبہ اور جیت دلائی جاسکتی ہے۔ اگر کبھی کسی قوم کو اپنے حکام یا اقتدار پرستوں سے انسانی یا اسلامی قوانین اور اصولوں کی پامالی نظر آئے تو اسی وقت ہمیں امام عالی مقام کے اس فقرہ کی طرف توجہ کرنا چاہیے جس میں امام ذلت اور عزت کا صحیح معیار طے کرتے ہیں اور فرماتے ہیں ھیھات من الذلہ یعنی ذلت ہم سے کوسوں دور ہے۔

کربلا یعنی اعلیٰ اور الاہی اہداف کے لئے قربانی اور فداکاری کے لئے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے کسی بھی چیز حتیٰ جان تک کو قربان کرنے کی آمادگی کا نام ہے۔ پس ہمیں معرفت ہونی چاہیے کہ الاہی اور اسلامی اہداف کن اقدار، امور اور مقاصد کا نام ہیں۔

پروردگار ہمیں کربلا میں پوشیدہ اسرار و رموز کو سمجھنے اور موجودہ وقت میں انہیں اپنانے کی توفیق عنایت کرے۔

Muharram refreshes the Soul

Rameez Makhdoomi

Muharram, the first month of the Islamic calendar, is one of the four sacred months of the year. Since the Islamic calendar is lunar, Muharram moves annually compared to the Gregorian calendar. The word "Muharram" means "forbidden," derived from "harām," meaning "sinful." It's considered the second holiest month after Ramadan.

It is the month of mourning and soul refreshing; the tenth day, Ashura, holds significant importance. For Shia Muslims, it's part of the Mourning of Muharram, symbolizing the eternal struggle of truth against falsehood and humanity's fight against tyranny, for which Imam Hussein (A.S) was martyred. The tragedy of Ashura profoundly impacts any free and compassionate spirit.

The resolve of Martyrs of Karbala is not to bow down against tyranny and even in small numbers be with cause of justice .

Great philosophers and minds have been inspired by the tragedy of Karbala and widely written on it.

Imam Hussein's (A.s) will before leaving Medina highlights his mission: "My goal is to reform the Muslim community by inviting them to good and advising against evil, not to be an insolent tyrant or mischief maker." Muharram represents the triumph of truth over wrongdoing, teaching generations the path to victory through unwavering commitment to justice and righteousness.

Muharram's lessons endure, reminding us of the power of conviction and the importance of standing against oppression.

